★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلدنمبر27......شمارہ نمبر337 بروز بدھ 2 ستمبر 2026ء، 19 ربیع الاول 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

پاکستان سمیت دنیا بھر میں حجاب کا عالمی دن 4 ستمبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں حجاب کا عالمی دن 4 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد اسلامی تعلیمات میں پردے کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے حجاب کے عالمی دن کے موقع پر جہاں پاکستان سمیت ملک بھر میں خواتین کے زیراہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ حجاب کے عالمی دن کی بنیاد فرانس کی جانب سے پردے کے خلاف پابندیاں ہیں یورپ کے شہر فرانس میں مسلم خواتین کے پردہ کرنے کے تنازع پر وہاں کی ایک یونیورسٹی کے طلبا وطالبات نے حجاب ڈے منایا

صدر مملکت آصف علی زرداری ویانا سے لندن پہنچ گئے

لندن (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری ویانا سے لندن پہنچ گئے جہاں وہ تقریباً دو ہفتے قیام کریں گے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری کے برطانیہ میں قیام کے دوران مختلف میڈیکل چیک اپس بھی متوقع ہیں، ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر مملکت لندن میں قیام کے دوران کسی سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لیں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے لندن میں مختلف وفود کی ملاقاتیں بھی متوقع ہیں، ان کے ہمراہ سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور ذاتی معالج ڈاکٹر عاصم حسین بھی موجود ہیں۔

بلوچستان کی ترقی، امن واستحکام اور عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں بگٹی قبیلے کے عمائدین اور سرکردہ شخصیات نے ملاقات کی بعد ازاں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و فوکل پرسن ٹو چیف منسٹر سید اقبال (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

زیارت کراس اور نوکچہ چاغی میں دہشت گردانہ حملے قابل مذمت ہیں، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے زیارت کراس ڈسٹرکٹ پشین اور نوکچہ ضلع چاغی میں دہشت گردانہ حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وقت آ پہنچا ہے کہ ہر قسم کی دہشت گردی اور تخریب کاری کے خلاف پوری قوم اتحاد و (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

شہباز شریف شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس میں سب کی توجہ کا مرکز بنے رہے



بشکیک (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی بشکیک میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کے 26 ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کے موقع پر سب کی توجہ کا مرکز بنے رہے، انہوں نے کئی سربراہان اور عالمی رہنماؤں سے غیر رسمی ملاقاتیں کیں جن میں اہم علاقائی و عالمی امور (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

حملوں کا سیکیورٹی فورسز نے بھرپور جواب دیا عزم استحکام اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، آئی ایس پی آر

بلوچستان میں فورسز کی کارروائیوں میں 21 دہشتگرد ہلاک کسٹمز اہلکار سمیت 6 بہادر سپوت شہید

دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کیا گیا فائرنگ کے تبادلے میں شہید اہلکاروں میں دو افسران اور محکمہ کسٹمز کا 1 سرکاری اہلکار شامل ہے

راولپنڈی / کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیاں کرتے ہوئے 21 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب ضلع چاغی کے علاقے نوکچا اور ضلع پشین کے علاقے زیارت کراس میں دہشت گردوں کے خلاف مختلف کارروائیاں کی گئیں۔ ضلع چاغی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد این-40 کوئٹہ تفتان شاہراہ پر غیر قانونی ناکہ قائم کر کے مسافروں سے بھتہ وصول کرنے کی کوشش کر رہے تھے، جن کے خلاف کارروائی میں 11 دہشت گرد مارے گئے۔ ضلع پشین میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے کسٹمز ہاؤس پر مربوط حملہ کیا، جس کا سیکیورٹی فورسز نے بھرپور جواب دیا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

عالمی معاہدوں پر ان کی روح اور الفاظ کے مطابق مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جانا چاہیے، کیونکہ علاقائی استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے باہمی اعتماد اور معاہدوں کی پاسداری بنیادی اہمیت رکھتی ہے

ایس سی او عالمی امن واستحکام کا اہم پلیٹ فارم ہے، تنازعات کا پرامن حل اور بین الاقوامی قانون ہماری پالیسی کا بنیادی اصول ہے، تنازعات کا پرامن حل، بین الاقوامی قانون پر یقین رکھتے ہیں

پاکستان نے امن کیلئے پرعزم علاقائی بحران میں امن کیلئے مؤثر کردار ادا کیا

شہباز شریف

پانی کو سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا ناقابل قبول ہے عالمی ادارے اعلانات کو عملی اقدامات میں بدلیں، اسلام آباد ایم او یو کشیدگی کم کرنے کی جانب اہم قدم، ایس سی او اجلاس سے خطاب

بشکیک (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے علاقائی بحران کے دوران امن کے فروغ کے لیے موثر اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا، ملک تنازعات کے پرامن حل اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری پر یقین رکھتا ہے، جبکہ خطے میں پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ تاریخی اجلاس میں شر (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بگٹی قبائل کے عمائدین ملاقات کررہے ہیں

پاکستان کو اس وقت ہنگامہ آرائی کی نہیں بلکہ معیشت کو مستحکم کرنے کی ضرورت ہے: احسن اقبال

سی پیک کے دوسرے مرحلے میں بھرپور استفادے کیلئے نجی شعبے کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے سی پیک کے 2025تا2029ء کے عملی منصوبے پر عمل درآمد کے ایک سال کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے تفصیلی اجلاس کی صدارت کی۔ یہ عملی منصوبہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اگست 2025ء میں دورہ چین کے دوران طے پایا تھا۔ اجلاس میں عملی منصوبے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ایک اعلامیے کے مطابق محکمے کے نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر (17-BPS) عبدالمالک کو مورخہ 07 مئی 2026 سے مستقل بنیادوں پر انفارمیشن سیکیورٹی اسپیشلسٹ (BPS (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

اسحاق ڈار کی اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات

سیکرٹری جنرل یو این گوتریس نے امن وسلامتی کیلئے پاکستان کے کردار کو سراہا

بشکیک (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بشکیک میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی، جس میں عالمی اور علاقائی صورتحال، آئندہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس اور سلامتی کونسل میں جاری امور سمیت باہمی دلچسپی کے اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

سٹاک مارکیٹ میں تیزی کے بعد مندی، ہنڈرڈ انڈیکس منفی زون میں بند ہوا

کراچی (آن لائن) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں منگل کو زبردست تیزی کے بعد مندی چھا گئی جس کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس منفی زون میں بند ہوا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں تیزی دیکھنے میں آئی، 800 سے زائد پوائنٹس (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسحاق ڈار کی بیلاروس کے وزیر خارجہ سے ملاقات

پاکستان اور بیلاروس کے تعلقات مزید مستحکم بنانے کے امکانات کا جائزہ

علاقائی صورتحال کے تناظر میں باہمی رابطوں اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا

بشکیک (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بیلاروس کے وزیر خارجہ سے اہم ملاقات کی، جس میں پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون کے فروغ اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق ملاقات شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس کے موقع پر کرغزستان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

بشکیک (کرغزستان) وزیراعظم شہباز شریف بشکیک میں ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ سمٹ کے مشترکہ اعلامیے پر دستخط کر رہے ہیں

میر سرفراز بگٹی کا زیارت کراس میں سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے 21 دہشت گردوں کے خاتمے پر اطمینان کا اظہار

دہشتگردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر عوام کی پرامن آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی ادائیگی سے روکنے کی کوشش کی

علاقے میں جاری کلیئرنس آپریشن کو مزید موثر بنایا جائے اور قومی شاہراہوں سمیت شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چاغی کے علاقے نوکچہ اور پشین کے علاقے زیارت کراس میں سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائیوں کو سراہتے ہوئے 21 دہشت گردوں کے خاتمے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر عوام کی پرامن آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی ادائیگی سے روکنے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنا دیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت بردا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی ناروے کے سفارت خانے میں ناروے کے بادشاہ کے انتقال پر تعزیتی کلمات درج کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مختلف شخصیات اور وفود نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں

عام آدمی کی زندگی میں مثبت تبدیلی کو یقینی بنانا ہی اچھی طرز حکمرانی کی اصل کامیابی ہے، جعفر مندوخیل

عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام متعلقہ اداروں، منتخب نمائندوں اور معاشرے کے مختلف طبقات کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مختلف شخصیات اور وفود نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران صوبے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، اچھی طرز حکمرانی اور دور افتادہ علاقوں کی تعمیر (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

کوئٹہ، سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ سے بلوچستان بار کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے

معاہدہ بدستور نافذ العمل اور بھارت کیلئے قانونی طور پر پابند ہے، وزیراعلیٰ بگٹی

سرفراز بگٹی کا سندھ طاس معاہدے سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے متفقہ فیصلے کا خیر مقدم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سندھ طاس معاہدے (WatersIndus Treaty) کی حیثیت سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے متفقہ فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے پاکستان کے مؤقف کی اہم قانونی اور سفارتی کامیابی قرار دیا ہے و (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

شیرانی، خاورینہ کے قریب مسافر بس سے کسٹم کانسٹیبل سمیت 3 افراد مبینہ طور پر اغواء

ژوب (آن لائن) ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر شیرانی کے علاقے خاورینہ کے قریب مسافر بس سے کسٹم کانسٹیبل سمیت 3 افراد کو مبینہ طور پر اتار کر لے گئے پولیس ذرائع (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

پاکستان اور ایران کا مسلسل سفارتی مشاورت اور باہمی رابطوں کی اہمیت پر اتفاق

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مخلصانہ عملدرآمد ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے، اسحاق ڈار

بشکیک، اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ملاقات میں پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقائی امن واستحکام کے لیے مذاکرات اور (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری کا میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

وزیراعظم کا بلوچستان میں 21 دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

حکومت ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقوں نوکچہ، چاغی، زیارت کراس اور پشین میں مختلف آپریشنز کے دوران فتنہ الخوارج (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

شہداء نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن عزیز کے دفاع کی عظیم مثال قائم کی، صدر زرداری

ہمارے جوانوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، صدر زرداری، وزیراعظم

شہداء کی عظیم قربانیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کا ثبوت ہیں، وزیراعظم شہباز شریف، محسن نقوی و دیگر

اسلام آباد، بشکیک (آن لائن) صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ شہداء نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

باہمی تعاون اور تنازعات کے پُرامن حل پر مبنی "شنگھائی جذبہ" سے سیکھنا چاہیے، قیصر احمد شیخ

چیئرمین کی حیثیت سے پاکستان رابطوں، معاشی تعاون اور علاقائی یکجہتی کا اہم موقع فراہم کر سکتا ہے، مشاہد حسین

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے امن، معاشی تعاون، مکالمے اور ترقی پر مزید توجہ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

معاہدہ ہرگز کسی ملک کے خلاف اشتعال انگیزی کے لئے نہیں بلکہ خالصتاً خطے کے امن وامان کو تقویت دینے کیلئے ہے، خواجہ آصف

مکہ دفاعی معاہدے کے باعث عالم اسلام کے دشمنوں کی نیندیں حرام ہو گئی ہیں، وزیر دفاع

استنبول اجلاس میں معاہدے کا ڈھانچہ تشکیل دینے پر سیر حاصل گفتگو ہوئی، آئندہ ماہ تک معاہدے کی عمارت تیار ہو جائے گی

استنبول (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کے باعث بھارت سمیت عالم اسلام کے دشمنوں کی نیندیں ضرور حرام ہو گئی ہیں تاہم یہ معاہدہ ہرگز کسی ملک کے خلاف اشتعال انگیزی کے لئے نہیں بلکہ خالصتاً خطے کے امن وامان کو تقویت دینے کے لئے ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کل کے اجلاس کے دوران جذبات نہایت ہی دوستانہ اور اتحاد سے بھرپور تھے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

گوادر یونیورسٹی میں 120 طلبہ میں بلوچستان ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ اسکالرشپ کے چیکس تقسیم

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر میں بلوچستان ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ (بی ای ای ایف) کی جانب سے اسکالرشپ چیکس تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

قائم مقام صدر کا بلوچستان میں 21 دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

چاغی اور پشین میں سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور فیصلہ کن کارروائیاں قابل تحسین ہیں، قائم مقام صدر

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے بلوچستان کے اضلاع چاغی اور پشین میں سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کے نتیجے میں 21 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ چاغی اور پشین میں سیکیورٹی فورسز کی بروقت، مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنا کر نہ صرف عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا بلکہ اہم قومی شاہراہوں کی حفاظت بھی یقینی بنائی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کیلئے جھیلوں کے پھٹنے کے باعث ممکنہ سیلاب کا الرٹ جاری

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای ا (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے کیپٹن عبید کی شہادت پر دلی رنج و غم ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چو (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی ناگزیر، ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے وژن پر عمل پیرا ہیں، شزہ فاطمہ

ریاض (آن لائن) وفاقی وزیر شزہ فاطمہ نے کہا ہے کہ پاکستان ڈیجیٹل نیشن کے وژن پر عمل پیرا ہے، عصر حاضر میں ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی ناگزیر اہمیت اختیار کر چکی ہے۔ وفاقی وز (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت پاکستان کے سپرد، وزیراعظم نے اعلامیے پر دستخط کر دیے

وزیراعظم کے مرکزی ہال پہنچنے پر کرغزستان کے صدر کی جانب سے گرمجوشی سے استقبال

بشکیک (آن لائن) پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کونسل کی 27-2026 کے لیے صدارت سنبھال لی ہے، جس کے بعد تنظیم کی آئندہ سرگرمیوں اور سربراہ اجلاس کی میزبانی میں پاکستان کا اہم کردار ہوگا۔ کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کونسل کے اجلاس کے اعلامیے پر دستخط کی تقریب ہوئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی جانب سے اعلامیے پر دستخط کیے۔ اجلاس میں شرکت کے لیے وزیراعظم شہباز شریف مرکزی ہال پہنچے تو کرغزستان کے صدر (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

سانحہ پھر، وزارت صحت نے سرکاری ہسپتالوں کا نظام ڈیجیٹلائز کرنے کا فیصلہ کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) سانحہ پھر کے بعد وفاقی وزارت صحت نے سرکاری ہسپتالوں کا نظام ڈیجیٹلائز کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ وزارت صحت حکام کے مطابق سرکاری ہسپتالوں کے نظام میں موجود خامیوں کی نشاندہی اور انتظامی امور میں بہتری کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی بروئے کار لانے پر غور کیا جا رہا ہے، ہسپتالوں کی کارکردگی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

مختلف گروہوں کا سراغ لگا کر متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے، ایس ایس پی لورالائی

قانون کے کٹہرے میں لا کر قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے

لورالائی (آن لائن) ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے ایس ایس پی کمپلیکس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ لورالائی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب اور موثر کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے موٹر سائیکل چوری اور چھینے کی وارداتوں میں ملوث مختلف گروہوں کا سراغ لگا کر متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے، جبکہ ان کے قبضے سے 27 مسروقہ موٹر سائیکلیں بھی برآمد کر لی گئی ہیں، جن کی مجموعی مالیت تقریباً 37 لاکھ 79 ہزار روپے بنتی ہے۔ ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے بتایا کہ لورالائی پولیس نے جدید اور موثر تفتیشی طریقہ کار، خفیہ اطلاعات، تکنیکی ذرائع، شہریوں کے تعاون اور مسلسل پولیس کارروائیوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ملاقات کر رہے ہیں، پارٹی کے صوبائی وزراء بھی موجود ہیں

دہشتگردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، شاہد رند

نوکچہ، چاغی اور زیارت کراس، پشین میں سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی قابل تحسین ہے

21 دہشت گردوں کا خاتمہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کا ثبوت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ نوکچہ، چاغی اور زیارت کراس، پشین میں سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی قابل تحسین ہے، 21 دہشت گردوں کا خاتمہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط عزم کا ثبوت ہے دہشت گردوں نے قومی شاہراہوں پر مسافروں کی آمدورفت میں خلل ڈالنے اور کسٹمز حکام کو فرائض کی انجام دہی سے روکنے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اجتماعی کاوشیں ناگزیر ہیں، سیدال خان ناصر

سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر عوامی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی: قائم مقام چیئرمین سینیٹ

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے مختلف سیاسی وسماجی شخصیات کی ملاقاتیں

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک کے پسماندہ علاقوں کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے اجتماعی سوچ، مشترکہ کاوشوں اور موثر حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں ترقی، خوشحالی، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، قدرتی و معدنی وسائل کو جدید تقاضوں کے مطابق برو (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

بلوچستان کی موجودہ مخدوش صورتحال میں غیر ذمہ دارانہ بیانات جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں

بلوچستان کے بحران کی بنیادی وجہ مسئلے کے حل کے حوالے سے مسلسل غیر سنجیدگی اور غلط پالیسیوں کا تسلسل ہے، مولانا واسع

بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج وہ بھی انتہائی پیچیدہ ہو چکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن نکات پر ایک دہائی قبل سنجیدہ قومی مکالمہ ممکن تھا، آج وہ بھی انتہائی پیچیدہ ہو چکے ہیں، جبکہ اگر موجودہ روش برقرار رہی تو آنے والے وقت میں ان مسائل پر بات چیت کی گنجائش بھی باقی نہیں رہے گی۔ بلوچستان کی موجودہ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

* ABC CERTIFIED *
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

عوامی مسائل کا حل

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مختلف شخصیات اور وفود نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران صوبے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، اچھی طرز حکمرانی اور دورافتادہ علاقوں کی تعمیر و ترقی سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ عام آدمی کی زندگی میں مثبت تبدیلی کو یقینی بنانا ہی اچھی طرز حکمرانی کی اصل کامیابی ہے۔ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام بالخصوص غریب اور پسماندہ عوام تک پہنچانے کیلئے مزید ٹھوس و مؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری علاقوں کی نسبت دیہی علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات اور دیگر مسائل کے حوالے سے زیادہ مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت متوازن اور یکساں ترقی کے اصول پر یقین رکھتی ہے اور صوبے کے دورافتادہ و پسماندہ علاقوں کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل، اداروں کی مؤثر کارکردگی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم اچھی حکمرانی کے بنیادی تقاضے ہیں۔ انہوں نے گورننس میں شفافیت، ذمہ داری اور جوابدہی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پالیسی سازی کے عمل میں عوامی نمائندوں، سول سوسائٹی اور متعلقہ طبقات کی مؤثر شرکت کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ حکومت اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی پائیدار ترقی کی بنیاد بن سکتا ہے۔ عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام متعلقہ اداروں، منتخب نمائندوں اور معاشرے کے مختلف طبقات کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

گورنر بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح، متوازن ترقی اور بہتر طرز حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا تاکہ ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر علاقے اور ہر طبقے تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 01

10 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں قوم کے 6 بہادر سپوتوں نے جام شہادت نوش کیا، جن میں دو افسران اور محکمہ کسٹمز کا ایک سرکاری اہلکار بھی شامل ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ علاقے میں باقی ماندہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ عزم استحکام اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 02

دارالحکومت منسک میں ہوئی۔ ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور بیلاروس کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر گفتگو کی۔ اسحاق ڈار اور بیلاروس کے وزیر خارجہ نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں خطے کی تازہ صورتحال اور حالیہ علاقائی پیش رفت بھی زیر بحث آئی، جبکہ دونوں رہنماؤں نے بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال کے تناظر میں باہمی رابطوں اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 03

کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 77 ہزار 800 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ میں اچانک مندی چھاگئی جو کاروباری روز کے اختتام تک برقرار رہی جس کے باعث سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 508 پوائنٹس کی کمی کیساتھ ایک لاکھ 76 ہزار 466 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری دن کے اختتام پر سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 76 ہزار 975 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 04

ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت اور کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے اس موقع پر پاکستان کی جانب سے اقوام متحدہ اور مؤثر کثیرالجہتی نظام کے ساتھ مضبوط وابستگی کا اعادہ بھی کیا۔ اسحاق ڈار اور انتونیو گوتریس نے ملاقات کے دوران موجودہ علاقائی صورتحال کا جائزہ لیا اور خطے میں امن و سلامتی سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے آئندہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے حوالے سے بھی گفتگو کی، جبکہ سلامتی کونسل میں جاری اہم معاملات بھی زیر بحث آئے۔ ترجمان کے مطابق اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کثیرالجہتی سفارتکاری میں پاکستان کے تعمیری اور اصولی کردار کو سراہا۔ انہوں نے علاقائی امن و سلامتی کے فروغ اور استحکام کے لیے پاکستان کی خدمات اور کردار کی بھی تعریف کی۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کو پاکستان کا دورہ کرنے کی باضابطہ دعوت دی، جسے انتونیو گوتریس نے قبول کرلیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے دورہ پاکستان کی تاریخوں کو اقوام متحدہ کے سیکریٹریٹ کے ساتھ مشاورت اور باہمی اتفاق رائے سے حتمی شکل دی جائے گی۔ ملاقات کو پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان تعاون، عالمی و علاقائی امن کے فروغ اور کثیرالجہتی سفارتکاری کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 05

کت ان کے لیے اعزاز ہے۔ ایس سی او عالمی امن و استحکام کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم بن چکا ہے، جبکہ تنظیم کے قیام کے 25 سال مکمل ہونا ایک اہم سنگ میل ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ ایس سی او ترقیاتی حکمت عملی 2035 پر عملدرآمد ضروری ہے، ایس سی او ترقیاتی بینک کا قیام اہم قدم ثابت ہوگا۔ پاکستان کی ایس سی او چیئرمین شپ میں توانائی اور آئی ٹی کو ترجیح دی جائے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ایس سی او کا فعال اور ذمہ دار رکن ہے، موجودہ عالمی منظرنامہ بڑھتی ہوئی جغرافیائی کشیدگی اور پیچیدہ چیلنجز سے دوچار ہے۔ ایس سی او مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اجتماعی عزم کی علامت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی ایس سی او چیئرمین شپ میں صحت، ثقافت اور کھیل کی ترجیحات میں شامل ہیں، پاکستان غربت کے خاتمے اور سماجی تحفظ کے فروغ کیلئے کردار جاری رکھے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے علاقائی بحران کے دوران امن کے لیے مؤثر کردار ادا کیا اور پاکستان کی سفارتی کوششیں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط تک پہنچیں۔ یہ مفاہمتی یادداشت خطے میں کشیدگی کم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے، وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان تنازعات کے پرامن حل اور بین الاقوامی قانون پر یقین رکھتا ہے، پاکستان نے علاقائی بحران کے دوران امن کیلئے مؤثر کردار ادا کیا۔ پاکستان خطے میں امن کے لیے اپنی کوشش جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایس سی او خطے میں تین ارب سے زائد افراد آباد ہیں، علاقائی رابطہ کاری اب انتخاب نہیں بلکہ تزویراتی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پانی ہمارے خطے کی زندگی اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کی ضمانت ہے، پانی کو سیاسی مقاصد یا دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا ناقابل قبول ہے۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی فریق کے خلاف نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حال ہی میں مکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عمل خطے میں امن کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ غزہ اور مغربی کنارے میں انسانی المیہ ناقابل تصور مصائب کا باعث ہے، عالمی برادری فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کا احترام کرے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں 90 ہزار سے زائد جانوں کی قربانیاں دیں، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کو 150 ارب ڈالر سے زائد کا معاشی نقصان ہوا، پاکستان پرامن، مستحکم اور خوشحال افغانستان کا خواہاں ہے، دہشتگردوں کو افغان سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال نہیں کرنے دی جا سکتی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سی پیک علاقائی معیشتوں کو بحرِ عرب سے جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے، پاکستان علاقائی ریل، سڑک اور توانائی منصوبوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کثیرالجہتی نظام کو مضبوط بنانے کا حامی ہے، عالمی اداروں کو اپنے اعلانات کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ جنوبی ایشیا پائیدار امن کے بغیر اپنی مکمل صلاحیت حاصل نہیں کر سکتا۔ خطے کے ممالک کو اختلافات کے حل اور امن و استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کا راستہ اختیار کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیا کہ عالمی معاہدوں پر ان کی روح اور الفاظ کے مطابق مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جانا چاہیے، کیونکہ علاقائی استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے باہمی اعتماد اور معاہدوں کی پاسداری بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ 06

-18) کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے۔

بقیہ 07

پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے طے شدہ ترجیحات پر عمل درآمد مزید تیز کرنے کے اقدامات پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات مشکل حالات میں ہمیشہ مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شدید توانائی بحران کے دوران چین نے پاکستان کو اہم سرمایہ کاری فراہم کی۔ سی پیک کے پہلے مرحلے میں چین نے تقریباً 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی اور پاکستان کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں تقریباً 8000 میگاواٹ کا اضافہ ہوا، جس سے توانائی بحران پر قابو پانے اور توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملی۔ انہوں نے تھر کے کوئلے کے ذخائر کی ترقی اور فائبر آپٹک نیٹ ورک کو سی پیک کے پہلے مرحلے کی اہم کامیابیاں قرار دیتے ہوئے کہا کہ دوسرے مرحلے میں اسی بنیاد پر کاروباری تعاون، صنعتی ترقی، زرعی جدیدکاری، معدنیات، انسانی وسائل اور ٹیکنالوجی کے شعبوں کو آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے کی ترجیحات اڑان پاکستان کے پانچ بنیادی ستونوں سے ہم آہنگ ہیں، جنہیں ترقی، روزگار و معاش، جدت، سبز معیشت اور روابط کی پانچ راہداریوں کے ذریعے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ترقی کی راہداری صنعتی اور زرعی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کر کے برآمدات کو فروغ دے گی، جبکہ روزگار و معاش کی راہداری سماجی ترقی اور کم ترقی یافتہ علاقوں کی بہتری پر توجہ مرکوز کرے گی۔ جدت کی راہداری ای-پاکستان کے وژن سے ہم آہنگ ہے، جس کے ذریعے اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی استعداد بڑھانے اور لاکھوں نوجوانوں کو جدید فنی مہارتیں فراہم کرنے پر کام کیا جارہا ہے۔ "ہماری نوجوان آبادی پاکستان کا سب سے بڑا معاشی اثاثہ ہے" انہوں نے کہا۔ سبز معیشت کی راہداری کے تحت موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، پانی و غذائی تحفظ اور زرعی جدیدکاری پر توجہ دی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ حکومت نے ایک ہزار زرعی ماہرین کو جدید زرعی ٹیکنالوجی کی تربیت کے لیے چین بھیجنے کا پروگرام شروع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے ملک میں تربیت یافتہ انسانی وسائل کا مضبوط حلقہ تشکیل پائے گا اور بہتر بیجوں، زرعی مشینری، پانی کے مؤثر استعمال اور موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ فصلوں کے ذریعے سبز انقلاب 2.0 کی بنیاد رکھی جائے گی۔ احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک کے دوسرے مرحلے کی معاشی صلاحیت سے بھرپور استفادے کے لیے نجی شعبے کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا، جبکہ حکومت سرمایہ کاری اور کاروباری شراکت داری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ 2035 تک 100 ارب ڈالر کی برآمدات کا ہدف پاکستان کی معاشی بقا کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر تعاون کے ذریعے مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے اور میڈ ان پاکستان کو عملی منصوبے پر بروقت عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ احسن اقبال نے کہا کہ اقتصادی تبدیلی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کسی بھی قسم کے سیاسی عدم استحکام کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ تزویراتی اور سفارتی کامیابیوں کو معاشی فوائد میں تبدیل کرنے کے لیے قومی یکجہتی، اصلاحات اور بہتر طرز حکمرانی ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مستقبل اور نوجوانوں کے بہتر کل کے لیے ملکی اقتصادی ترقی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اس وقت ہنگامہ آرائی کی نہیں بلکہ معیشت کو مستحکم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے تمام سیاسی قوتوں پر زور دیا کہ وہ معیشت کو مضبوط بنانے اور برآمدات پر مبنی خود انحصار پاکستان کی تعمیر پر توجہ مرکوز کریں۔

بقیہ 08

اور دوطرفہ امور پر گفتگو کی گئی۔ اطلاعات کے مطابق وزیر اعظم توجہ کا محور بنے رہے، خوشگوار ماحول میں ہوئی ان ملاقاتوں میں چینی صدر شی جنپنگ، روسی صدر ولادیمیر پوتن، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان، بیلا روس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو، ازبکستان کے صدر شوکت مرزیوئیف، تاجکستان کے صدر امام علی رحمن اور قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایف شریک تھے۔

بقیہ 09

اتفاق کا مظاہرہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور کامیاب کارروائی نے بڑے جانی و مالی نقصان سے بچالیا جس پر تمام سیکیورٹی فورسز خراج تحسین کی مستحق ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ عوام میں خوف و ہراس پھیلانے اور امن و امان کو سبوتاژ کرنے کے دہشت گردوں کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بنایا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور قومی شاہراہوں کو محفوظ بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے عوام پر زور دیا کہ وہ دیرپا امن و امان کے قیام کیلئے حکومتی کوششوں میں بھرپور تعاون کریں اور دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنائیں۔

بقیہ 10

شاہ کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ اور حاجی علی مدد جتک بھی موجود تھے ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صوبے کی مجموعی صورتحال اور سیاسی و قبائلی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کی ترقی، امن و استحکام اور عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، جبکہ صوبے کے تمام طبقات کو ساتھ لے کر آگے بڑھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 11

و ترقی سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ عام آدمی کی زندگی میں مثبت تبدیلی کو یقینی بنانا ہی اچھی طرز حکمرانی کی اصل کامیابی ہے۔ صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام بالخصوص غریب اور پسماندہ عوام تک پہنچانے کیلئے مزید ٹھوس و مؤثر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری علاقوں کی نسبت دیہی علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات اور دیگر مسائل کے حوالے سے زیادہ مشکلات کا سامنا ہے۔ حکومت متوازن اور یکساں ترقی کے اصول پر یقین رکھتی ہے اور صوبے کے دورافتادہ و پسماندہ علاقوں کی تعمیر و ترقی کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل، اداروں کی مؤثر کارکردگی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم اچھی حکمرانی کے بنیادی تقاضے ہیں۔ انہوں نے گورننس میں شفافیت، ذمہ داری اور جوابدہی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پالیسی سازی کے عمل میں عوامی نمائندوں، سول سوسائٹی اور متعلقہ طبقات کی مؤثر شرکت کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ حکومت اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی پائیدار ترقی کی بنیاد بن سکتا ہے۔ عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام متعلقہ اداروں، منتخب نمائندوں اور معاشرے کے مختلف طبقات کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ گورنر بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح، متوازن ترقی اور بہتر طرز حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا تاکہ ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر علاقے اور ہر طبقے تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 12

کے مطابق مبینہ طور پر مسلح افراد نے شیرانی کے علاقے خاورینہ میں ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر اسلام آباد سے کوئٹہ جانے والی بس کو روک کر کسٹم کانسٹیبل سلیم درانی سمیت تین افراد کو ساتھ لے جایا گیا تاہم دیگر دو افراد کی شناخت معلوم نہیں ہو سکی واقعے کی تصدیق یا تردید کے لیے ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ اور ایس پی سے رابطے کی بار بار کوشش کی گئی مگر کوئی جواب نہیں مل سکا انتظامیہ کی جانب سے باضابطہ تصدیق یا تردید نہ ہونے کے باعث علاقے میں خوف و ہراس اور تشویش پائی جاتی ہے۔

بقیہ 13

زیر اعلیٰ نے کہا کہ عالمی ثالثی عدالت کا متفقہ فیصلہ اس امر کی واضح توثیق ہے کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل، ختم یا ''التوا'' میں نہیں رکھ سکتا، معاہدہ بدستور نافذ العمل اور بھارت کے لیے قانونی طور پر پابند ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عدالت نے بھارت کی جانب سے معاہدے کی معطلی یا خاتمے کے لیے پیش کیے گئے مختلف جواز، جن میں خودمختاری، پاکستان کی جانب سے مبینہ خلاف ورزی، دہشت گردی، حالات میں تبدیلی، مسلح تنازع اور جوابی اقدامات شامل تھے، کو تسلیم نہیں کیا۔ عدالت نے واضح کیا کہ سندھ طاس معاہدے میں ترمیم یا اس کا خاتمہ صرف پاکستان اور بھارت کی باہمی رضامندی سے ایک نئے معاہدے کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ کے پانیوں سے متعلق پاکستان کے دیرینہ حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے یہ فیصلہ نہایت اہم ہے اور اس سے بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری اور عالمی قانون کی بالادستی کے اصول مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ رتلے ہائیڈروالیکٹرک منصوبے کے حوالے سے بھی عدالت کی جانب سے پاکستان کی درخواست پر عبوری اقدامات کی منظوری اہم پیش رفت ہے۔ بھارت کو ڈیم کی دیوار اور پاور انٹیک اسٹرکچر کے مخصوص حصوں پر مقررہ سطح سے زیادہ کنکریٹنگ سے روکا گیا ہے جبکہ منصوبے کے تعمیراتی شیڈول میں ہونے والی تبدیلیوں سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کا بھی پابند کیا گیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پابندیاں نیوٹرل ایکسپرٹ کے حتمی فیصلے کے 90 روز بعد تک برقرار رہیں گی، جو متوقع طور پر جولائی 2027 میں سامنے آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ بین الاقوامی قوانین، معاہدوں اور مذاکراتی عمل پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور آج کا فیصلہ اس اصول کی فتح ہے کہ کسی بھی بین الاقوامی معاہدے کو یکطرفہ طور پر اپنی مرضی سے معطل یا ختم نہیں کیا جا سکتا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انصاف غالب آ گیا ہے اور عالمی ثالثی عدالت کا یہ متفقہ فیصلہ پاکستان کے قانونی مؤقف کی مضبوطی کا مظہر ہے۔ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ اور بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری کے لیے آئندہ بھی ہر قانونی اور سفارتی فورم پر مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 14

سفارتکاری کا عمل جاری رہنا ناگزیر ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی کے درمیان ملاقات شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کے اجلاس سے قبل ہوئی۔ ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات سمیت خطے کی تازہ صورتحال اور علاقائی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں جانب سے باہمی رابطوں اور مسلسل سفارتی مشاورت کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ کشیدگی اور اختلافات کے حل کے لیے سیاسی و سفارتی راستہ اختیار کیا جانا چاہیے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مخلصانہ عملدرآمد ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ امن و استحکام کے فروغ کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کا عمل جاری رہنا چاہیے۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ روابط کو مزید مستحکم بنانے اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ 15

اور فتنہ الہندوستان کے 21 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کسٹم ہاؤس پر دہشتگرد حملے کے دوران کسٹمز کے 2 افسران اور ایک اہلکار سمیت 6 بہادر جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ حکومت شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمارے جوانوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ 16

نے رکن بلوچستان اسمبلی میر غلام دستگیر بادینی کے والد اور قبائلی و سماجی رہنما حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے میر غلام دستگیر بادینی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر جمعہ خان بادینی کی وفات ایک بڑا صدمہ ہے، ان کی قبائلی و سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری نے مرحوم کے لیے مغفرت، درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی نقصان صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

بقیہ 17

کو عوام کے معیار زندگی میں بہتری اور خطے میں اپنے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے باہمی تعاون اور تنازعات کے پرامن حل پر مبنی ''شنگھائی جذبے'' سے سیکھنا چاہیے۔ پاکستان چائنا انسٹی ٹیوٹ کے چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ ایس سی او کے چیئرمین کی حیثیت سے پاکستان کا کردار ملک کے علاقائی اور عالمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ علاقائی رابطوں، معاشی تعاون اور علاقائی یکجہتی کے فروغ کا اہم موقع فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز (آئی آر ایس)، اسلام آباد اور چائنا میڈیا گروپ (سی ایم جی) کے زیر اہتمام اسلام آباد میں منعقدہ مشترکہ سیمینار 'ایس سی او کے 25 سال: شنگھائی جذبہ اور اسلام آباد کے ساتھ ایک نیا سفر' میں بطور مہمان خصوصی کیا۔ سیمینار میں سفارت کاروں، پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم، ذرائع ابلاغ کے نمائندگان اور مختلف شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ سیمینار میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے 25 سالہ سفر، علاقائی امور میں اس کے بدلتے ہوئے کردار اور پاکستان کی جانب سے تنظیم کی صدارت سنبھالنے کے حوالے سے ذمہ داریوں اور امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اپنے استقبالیہ کلمات میں صدر انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز، سفیر جوہر سلیم نے ایس سی او کے ارتقائی سفر پر روشنی ڈالی اور ''شنگھائی جذبے'' کے تصور کی وضاحت کرتے ہوئے باہمی اعتماد، باہمی مفاد، مساوات، مشاورت اور اختلافات کے پرامن حل کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کرغزستان کے بعد پاکستان کی جانب سے ایس سی او کی صدارت سنبھالنے کی اہمیت اور بشکیک میں جاری ایس سی او سرگرمیوں کو بھی اجاگر کیا۔ پاکستان چائنا انسٹی ٹیوٹ کے چیئرمین سینیٹر مشاہد حسین سید نے اپنے کلیدی خطاب میں موجودہ ایس سی او سربراہی اجلاس کو عالمی سطح پر بڑی تبدیلیوں کے دور میں ہونے والی اہم پیش رفت قرار دیا، جہاں بین الاقوامی تعلقات میں نئی حقیقتیں ابھر رہی ہیں۔ انہوں نے ایشیا کی بڑھتی ہوئی اہمیت، چین کے ابھرتے ہوئے کردار اور گوادر کے وسطی ایشیائی ممالک سے رابطوں کی تزویراتی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا کہ ایس سی او کے چیئرمین کی حیثیت سے پاکستان کا کردار ملک کے علاقائی اور عالمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ علاقائی رابطوں، معاشی تعاون اور علاقائی یکجہتی کے فروغ کا اہم موقع فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے چین کی غیر معمولی آبادی اور معاشی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ چین عالمی آبادی اور عالمی معاشی پیداوار میں ایک نمایاں حصہ رکھتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کو دنیا کے کامیاب تجربات سے سیکھتے ہوئے اپنی مخصوص ضروریات اور حالات کے مطابق حل تلاش کرنے چاہئیں۔ وفاقی وزیر نے اپنے حالیہ دورہ برطانیہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہاں انہوں نے پاکستان کی قیادت اور سفارتی روابط کے حوالے سے مثبت رائے کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے اس امر کی اہمیت مزید اجاگر ہوتی ہے کہ پاکستان خود کو امن، استحکام، معاشی ترقی اور تعمیری بین الاقوامی تعلقات کے لیے پرعزم ملک کے طور پر پیش کرے۔ بعدازاں پاکستان کی سابق سفیر نائلہ چوہان اور ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر (پالیسی)، سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ (ایس ڈی پی آئی)، ڈاکٹر شفقت منیر احمد نے بھی علاقائی تعاون، ایس سی او اور پاکستان کے بدلتے ہوئے کردار کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ سیمینار میں ایس سی او کے مستقبل کے سفر، پاکستان کی صدارت اور موجودہ علاقائی و عالمی چیلنجز کے تناظر میں شنگھائی جذبے کی اہمیت پر تفصیلی اور تعمیری تبادلہ ؟ خیال کیا گیا۔ نشست کا اختتام باہمی احترام، مکالمے، تعاون اور اختلافات کے پرامن حل پر مبنی شنگھائی جذبے سے سیکھنے کے مشترکہ عزم کے ساتھ ہوا، جبکہ علاقائی روابط، معاشی ترقی اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری کے لیے پاکستان کے عزم کو مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ 18

جس میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب 120 باصلاحیت اور مستحق طلبہ میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں ڈاکٹر دولت خان، رجسٹرار یونیورسٹی آف گوادر، ڈاکٹر رحیم بخش مہر، کنٹرولر امتحانات، عبیدعلی ڈائریکٹر فنانشل ایڈ اور ماجد قادر، ڈپٹی رجسٹرار نے شرکت کی۔ یونیورسٹی افسران نے مشترکہ طور پر 120 مستحق طلبہ میں پی ای ای ایف اسکالرشپ کے چیکس تقسیم کیے۔ یہ مالی معاونت طلبہ کو اپنی اعلیٰ تعلیم جاری رکھنے اور اسے مکمل کرنے میں مدد فراہم کرے گی۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر دولت خان نے وائس چانسلر، یونیورسٹی آف گوادر کی جانب سے پی ای ای ایف کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیمی اخراجات پورے کرنے اور اپنی تعلیم مکمل کرنے کے لیے مالی معاونت فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں کو مالی مشکلات کے بغیر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے صوبے میں تعلیمی ترقی اور نوجوانوں کی معاونت کے لیے پی ای ای ایف کی مسلسل کاوشوں کو سراہا اور اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں پر سرمایہ کاری صوبے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

بقیہ 19

اجلاس میں مکہ معظمہ میں طے پانے والے دفاعی معاہدے کا ڈھانچہ تشکیل دینے پر بات چیت ہوئی۔ ابھی معاہدے کا سیکریٹریٹ، عہدیدار بنانا اور شرائط و ضوابط بنانے ہیں اس پر سیر حاصل گفتگو ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران معاہدے کو خطے میں امن کو تقویت دینے کے لئے مؤثر بنانے، سیکریٹری جنرل کے عہدے، نئے ممبران کے لئے شرائط و ضوابط اور مدت کے تعین سمیت دیگر ڈھانچہ جاتی امور پر بھی بات ہوئی پاکستان نے اس سلسلے میں ایک مسودہ پیش کیا جس کو کافی پذیرائی ملی۔ انہوں نے کہا معاہدے کا ڈھانچہ مکمل ہونے میں ابھی ایک ڈیڑھ ماہ کا وقت درکار ہے عمارت آئندہ ماہ کے آخر تک تیار ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مزید ممالک کے معاہدے میں شمولیت کے لئے باقاعدہ شرائط و ضوابط ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے کا آغاز اللہ کے گھر سے ہوا اور یہ یقیناً عالم اسلام کے لئے بہترین ثابت ہوگا۔ اور امت مسلمہ کے اتحاد کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے سے بھارت سمیت عالم اسلام کے دشمنوں کی نیندیں حرام ضرور ہوئی ہیں تاہم یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف جارحیت کے لئے نہیں بلکہ خطے کے امن و امان کو برقرار رکھنے کے لئے ہے۔ جبکہ معاہدے کے فریق تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر حملہ سب پر تصور کیا جائے گا۔

بقیہ 20

، شہریوں کی شکایات اور انتظامی معاملات کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا مؤثر نظام وضع کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے چیئرمین پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی ڈاکٹر سہیل منیر سے ملاقات کی، جس میں سرکاری ہسپتالوں کے انتظامی نظام میں ٹیکنالوجی کے استعمال اور ڈیجیٹلائزیشن کے امور پر مشاورت کی گئی۔ وزارت صحت نے سرکاری ہسپتالوں کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی سے تعاون لینے کا فیصلہ کیا ہے جب کہ ہسپتالوں کے آپریشنز اور ایڈمنسٹریشن کو ڈیجیٹل نظام پر منتقل کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ سرکاری ہسپتالوں کا کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی بنیاد پر تشکیل دینے پر بھی غور کیا جا رہا ہے، اے آئی ایجنٹس شہریوں کی ہسپتالوں سے متعلق شکایات کی کالز سنیں گے، جبکہ اے آئی ٹیکنالوجی کے ذریعے شکایات کے اندراج، نگرانی اور ازالے کا نظام مزید بہتر بنایا جائے گا۔ دوسری جانب وزارت صحت کے حکام کا مزید کہنا تھا کہ سرکاری ہسپتالوں کے نظام میں بہتری اور شہریوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے سخت اور مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 21

ذریعے موٹر سائیکل چوری میں ملوث 4 سے 5 مختلف گروہوں کا سراغ لگایا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کے قبضے سے بڑی تعداد میں مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں انہوں نے بتایا کہ برآمد ہونے والی 27 موٹر سائیکلوں میں سے 23 موٹر سائیکلیں مختلف علاقوں سے چوری کی گئی تھیں، جبکہ 4 موٹر سائیکلیں اسلحہ کے زور پر شہریوں سے چھینی گئی تھیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا ہے ایس ایس پی نے کہا کہ شہر میں بالخصوص سول ہسپتال، بینکوں، مارکیٹوں، اہم شاہراہوں، ہوٹلوں اور دیگر عوامی مقامات سے موٹر سائیکل چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کا پولیس نے سختی سے نوٹس لیا۔ جرائم پیشہ عناصر بالخصوص ایسے شہریوں کو نشانہ بناتے تھے جو ہسپتالوں میں ایمرجنسی کی صورت میں، بینکوں یا خریداری کے لیے بازاروں میں اپنی موٹر سائیکلیں کھڑی کرتے تھے انہوں نے کہا کہ پولیس نے ان وارداتوں کی روک تھام کے لیے خصوصی حکمت عملی مرتب کی اور مربوط انٹیلی جنس و تفتیشی اقدامات کے ذریعے موٹر سائیکل چوری اور چھیننے میں ملوث گروہوں تک رسائی حاصل کی۔ کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں نہ صرف ملزمان کو گرفتار کیا گیا بلکہ شہریوں کی قیمتی املاک بھی برآمد کر کے ان کی واپسی کے لیے قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے ڈاکٹر فہد احمد نے کہا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات کے مطابق مزید تحقیقات جاری ہیں اور ٹھوس شواہد کی بنیاد پر انہیں قانون کے کٹہرے میں لاکر قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کے لیے پوری طرح متحرک ہے۔ کسی بھی شخص یا گروہ کو قانون ہاتھ میں لینے یا شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایس ایس پی لورالائی نے شہریوں کو یقین دلایا کہ چوری، ڈکیتی، چھیننے اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور لورالائی پولیس جدید تفتیشی وسائل اور عوامی تعاون کے ذریعے جرائم کے مکمل سدباب کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لاتی رہے گی۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ جرائم کی روک تھام اور مشتبہ سرگرمیوں کی نشاندہی کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ مشترکہ کوششوں سے لورالائی کو ایک پرامن اور جرائم سے پاک ضلع بنایا جا سکے۔

بقیہ 22

ی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کے ذریعے ان کے عزائم ناکام بنا دیے اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ شہداء قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور کسٹمز حکام کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری طرح متحرک ہیں بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاست اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے حکومت بلوچستان اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 23

ئے کار لا کر بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت پسماندہ صوبوں میں معاشی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے کوئٹہ میں جہانگیر خان خروٹی، ارشد گجر اور سمیرا خان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان خصوصاً چاغی میں ترقیاتی عمل، عوامی مسائل، معدنی و قدرتی وسائل کے بہتر استعمال، تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ اور علاقے میں معاشی سرگرمیوں کے امکانات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان قدرتی اور معدنی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، ان وسائل کو مؤثر، شفاف اور پائیدار انداز میں استعمال کر کے صوبے میں ترقی اور خوشحالی کی نئی راہیں کھولی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ صوبے کی افرادی قوت کو ملکی معیشت کی مضبوطی کیلئے مؤثر انداز میں استعمال کیا جا سکے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی کا راستہ تجارت، سرمایہ کاری، صنعت اور قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال سے ہو کر گزرتا ہے، جبکہ پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے میں شامل کیے بغیر پائیدار ترقی کا خواب مکمل نہیں ہو سکتا۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت تمام صوبوں میں عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ وقت سیاسی اختلافات کو ہوا دینے کے بجائے ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں متحد ہو کر آگے بڑھنے کا تقاضا کرتا ہے۔ سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کیلئے مشترکہ طور پر کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ وقت باہمی اختلافات کا نہیں بلکہ عوام کی خدمت، ملکی معیشت کے استحکام اور ترقی کے عمل کو تیز کرنے کیلئے عملی اقدامات کا ہے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں کے عوام کو درپیش مسائل، ترقیاتی ضروریات اور ان کے حل کیلئے ممکنہ اقدامات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کیلئے ہر ممکن سطح پر آواز اٹھائی جائے گی اور تمام متعلقہ حلقوں کو ساتھ لے کر چلنے کی ضرورت ہے۔ دریں اثناء قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کوئٹہ میں ارشد گجر سے بھی ملاقات کی، جہاں ارشد گجر نے انہیں کتاب کا تحفہ پیش کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر گفتگو ہوئی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے دوست محمد ناصر کے بھائی حاجی محمد ایوب ناصر کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کے لیے ان کی رہائش گاہ پر گئے۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ سیدال خان ناصر نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عزیز کی جدائی کا غم ناقابل تلافی ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور اہل خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 24

یر آئی ٹی شزہ فاطمہ نے ریاض میں لیپ فائیو 2026 کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی، انہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں سلامتی سمیت دیگر شعبوں میں ٹیکنالوجی کو فروغ دیا جارہا ہے، جبکہ آئی ٹی کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات بھی کی جا رہی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کے تحت ٹیکنالوجی کے شعبے کی ترقی کے لیے دیرپا اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ٹیکنالوجی کے شعبے میں بیرونی کمپنیوں کو سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جارہا ہے۔ شزہ فاطمہ کے مطابق پاکستان کے آئی ٹی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور حکومت ڈیجیٹل گورننس پر بھی توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ انہیں جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

بقیہ 25

ہدری نے کہا ہے کہ چاغی، بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے کیپٹن عبید کی شہادت پر دلی رنج و غم ہے، شہداء کی قربانیاں ہمارا فخر ہیں، اور پاکستان کی سلامتی کے لیے قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ سوشل میڈیا ایکس پر بیان میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وطن کے دفاع اور امن کے لیے اپنی جان قربان کرنے والے ہمارے اس بہادر سپوت کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ دہشتگردوں کے خلاف کارروائی میں 18 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنا ہماری بہادر سیکیورٹی فورسز کے غیر متزلزل عزم، جرأت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ کیپٹن عبید شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور وطن عزیز کی حفاظت پر مامور تمام جوانوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ شہداء کی قربانیاں ہمارا فخر ہیں، اور پاکستان کی سلامتی کے لیے قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 26

نے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے مصافحہ کیا اور باہمی خیرسگالی کا اظہار کیا۔ اجلاس کے موقع پر شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے سربراہان کا گروپ فوٹو بھی ہوا، جس میں وزیراعظم شہباز شریف دیگر عالمی رہنماؤں کے ہمراہ شریک ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے ایس سی او کی صدارت سنبھالنے کو علاقائی تعاون کے فروغ اور تنظیم کے پلیٹ فارم پر پاکستان کے فعال کردار کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 27

مخدوش صورتحال میں غیر ذمہ دارانہ بیانات جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں، لہٰذا ذمہ دار عہدوں پر موجود افراد کو صورتحال کی سنگینی کا احساس کرتے ہوئے انتہائی سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سترکی دہائی سے آج تک بلوچستان کے مسئلے کو حقیقی سیاسی و قومی مسئلے کے طور پر حل کرنے کے بجائے انا، ضد، سیاسی سرد مہری اور وقتی مفادات کی نذر کیا جاتا رہا ہے، جس کے نتیجے میں صوبے میں شورش، بے یقینی اور بداعتمادی کم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھ رہی ہے۔ صوبے میں خواتین کا بھی اس کشمکش میں داخل ہونا اور حالات کا پہاڑوں سے نکل کر بازاروں اور شہری علاقوں تک پہنچنا اس بحران کی سنگینی کی واضح علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بحران کی بنیادی وجہ مسئلے کے حل کے حوالے سے مسلسل غیر سنجیدگی اور غلط پالیسیوں کا تسلسل ہے؛ ہر دور میں دیرپا حل کے لیے قابل عمل تجاویز پیش کی گئیں، مگر اصل مسائل کو حل کرنے کے بجائے انہیں نظرانداز کیا گیا اور نت نئی تاویلات و مصنوعی بیانیے تراشے جاتے رہے۔ ہائبرڈ نظام کا تجربہ بھی اپنی ناکامی ثابت کر چکا ہے اور اس کی بھاری قیمت عوام اور ریاست دونوں کو ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ گزشتہ عام انتخابات اور اس سے قبل ہونے والے انتخابی عمل میں جس انداز سے عوامی مینڈیٹ کو متنازع اور بے وقعت بنایا گیا، بلوچستان میں آج کی سیاسی بے چینی، عدم استحکام اور بداعتمادی اسی کا نتیجہ ہے۔ اگر ریاست واقعی بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی چاہتی ہے تو اس کا راستہ طاقت یا مزید تجربات نہیں بلکہ سیاسی عمل، عوامی مینڈیٹ کے احترام، شفاف، آزاد اور غیر جانبدار انتخابات اور عوام کے حق حکمرانی کی بحالی سے ہو کر گزرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی پالیسیوں اور غلط فیصلوں کا احتساب کرنے کے بجائے سیاسی قیادت کی کردار کشی اور اسے تمام مسائل کا ذمہ دار قرار دینا جمہوری اقدار کے منافی اور ملک کے سیاسی مستقبل کے لیے خطرناک رجحان ہے۔ سیاسی انجینئرنگ، مصنوعی اکثریتوں اور سودے بازی کی سیاست نے بلوچستان کو مسلسل بحرانوں کی دلدل میں دھکیلا ہے، اس لیے اب وقت آ گیا ہے کہ آئین، جمہوریت، پارلیمانی بالادستی اور عوامی اختیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی موجودہ صورتحال کو انتہائی تشویشناک سمجھتی ہے اور واضح کرتی ہے کہ باہمی گفت و شنید اور بامعنی مذاکرات ہی مسئلے کے حل کا اول و آخر راستہ ہیں، اس کے علاوہ ہر دوسرا آپشن مزید پیچیدگیوں کو جنم دے گا۔ جمعیت علماء اسلام اپنے سیاسی تحفظات کے باوجود بلوچستان میں امن، سیاسی استحکام اور اعتماد سازی کے لیے ہر مثبت اور سنجیدہ کوشش میں تعاون کی پیشکش کر چکی ہے اور آج بھی سمجھتی ہے کہ بلوچستان اور وفاق کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج ختم کرنے کے لیے اعتماد سازی، سیاسی مکالمے اور عوامی رائے کا احترام ناگزیر ہے۔ پارلیمان کو صوبائی مسائل کے حل سے بے اختیار یا غیر مؤثر قرار دینے کا بیانیہ بھی درست نہیں، کیونکہ حقیقی عوامی نمائندگی اور مضبوط پارلیمانی ادارے ہی آئینی و سیاسی طریقے سے مسائل کے حل کی ضمانت فراہم کر سکتے ہیں۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے ضد، انا اور سیاسی مصلحتوں کے بجائے سنجیدہ مذاکرات، اعتماد سازی اور حقیقی عوامی نمائندگی کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 28

کہا کہ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاستی ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے رہیں گے۔ ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل فخر ہیں۔ قائم مقام صدر نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے محکمہ کسٹمز کے افسر سمیت 6 بہادر اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ شہداء نے وطن کے امن و سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ قوم دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ریاستی اداروں کی کوششوں کی بھرپور حمایت کرتی ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف بلاامتیاز، مؤثر اور مسلسل کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک دشمن عناصر کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 29

وی) نے گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کے لیے جھیلوں کے پھٹنے کے باعث ممکنہ سیلاب کا الرٹ جاری کر دیا۔ جاری مون سون بارشوں اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے باعث تیزی سے پگھلتے گلیشیئرز کے پیش نظر گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کا خطرہ بڑھ گیا۔ غذر، ہنزہ، نگر، شگر، گلگت، رونڈو، دیامر، استور، سکردو، گانچھے، خرمنگ اور وادی نیلم کے علاقے حساس قرار دیا گیا ہے۔ چترال، اپر و لوئر دیر، سوات، شانگلہ، کوہستان، مانسہرہ، بونیر اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں بھی اچانک سیلابی صورتحال اور لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ہے۔ این ڈی ایم اے کی جانب سے متعلقہ اداروں کو حساس گلیشیئرز، جھیلوں، دریاؤں اور ندی نالوں کی مسلسل نگرانی کی ہدایت کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ عوام گلیشیئر سے آنے والے دریاؤں، ندی نالوں اور دیگر خطرناک علاقوں میں غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں۔ اچانک پانی کی سطح بڑھنے، پانی میں غیر معمولی مٹی کے رنگ یا گلیشیئرز کے قریب غیر معمولی صورتحال کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں۔ این ای او سی نے خطہ پوٹھوہار اور بالائی خیبر پختونخوا کے لیے بھی گرج چمک کے ساتھ شدید اور موسلا دھار بارشوں کا الرٹ جاری کر دیا۔ اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم، مری، گلیات اور ملحقہ علاقوں میں 2 سے 5 ستمبر کے دوران شدید بارشوں کا امکان ہے۔ دیر، سوات، بونیر، ملاکنڈ، شانگلہ، بگرام، کوہستان، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، نوشہرہ، صوابی، مردان اور پشاور میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ شدید بارش کے دوران شہری علاقوں میں اچانک سیلابی صورتحال جبکہ پہاڑی علاقوں میں بھی سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔ عوام نشیبی علاقوں، ندی نالوں اور برساتی گزرگاہوں سے دور رہیں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ این ڈی ایم اے نے عوام کو موسمی صورتحال، ابتدائی انتباہات اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات سے باخبر رہنے کی ہدایت کی۔ این ڈی ایم اے نے متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے، مقامی انتظامیہ کو بروقت حفاظتی اقدامات یقینی بنانے اور شہریوں کو موسمی صورتحال سے باخبر رہنے کی ہدایت کی ہے۔ عوام تازہ ترین معلومات اور الرٹس کے لیے پاک این ڈی ایم اے ڈیزاسٹر الرٹ ایپ سے استفادہ کریں۔ مقامی انتظامیہ کو حساس علاقوں میں ضروری وسائل پیشگی منتقل کرنے اور محفوظ انخلا کے انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کہا گیا ہے کہ عوام سیلابی نالوں، زیر آب سڑکوں، پلوں اور تیز آبی بہاؤ کو عبور کرنے سے گریز کریں اور جاری کردہ ٹریفک ہدایات پر عمل کریں۔ سیلابی خطرے سے دوچار آبادیوں کے رہائشی، سیاح اور مسافر ندی نالوں اور دریا کے کناروں سے دور رہیں۔ مون سون کے دوران پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ، ملبے کے ریلوں اور اچانک آنے والے سیلاب کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ سفر سے پہلے موسم کی تازہ ترین پیش گوئی اور سڑکوں کی صورتحال ضرور معلوم کریں۔ شدید بارش یا کسی بھی ممکنہ خطرے کی وارننگ جاری ہو تو غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ سیلابی پانی یا تیز بہاؤ کو پیدل یا گاڑی کے ذریعے ہرگز عبور نہ کریں۔ یاد رکھیں، تیز بہاؤ والا پانی خواہ کم گہرا ہی کیوں نہ دکھائی دے، انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے اور انسانوں یا گاڑیوں کو بہا لے جا سکتا ہے۔ مون سون کے دوران برساتی ندی نالوں کے بہاؤ میں اچانک شدید اضافہ بھی ہو سکتا ہے لہٰذا ایسے علاقوں میں سیاحتی سرگرمیوں کے دوران محتاط رہیں اور تیز بہاؤ والے پانی کے ریلوں سے دور رہیں۔ احتیاطی تدابیر اختیار کریں، متعلقہ اداروں کی ہدایات پر عمل کریں اور انتظامیہ کی جانب سے بند کی گئی سڑکوں پر سفر سے مکمل گریز کریں۔ این ڈی ایم اے متعلقہ اداروں کو ممکنہ خطرات کے حوالے سے مسلسل اور بروقت معلومات اور الرٹس کی فراہمی یقینی بنا رہا ہے۔ عوام این ڈی ایم اے کی آفیشل ایپ پاک این ڈی ایم اے ڈیزاسٹر الرٹ'' سے بروقت معلومات حاصل کریں۔ کسی بھی ممکنہ سیلابی صورتحال میں مدد کے لیے 911 ڈائل کریں۔

بقیہ 30

کر کے وطن عزیز کے دفاع کی عظیم مثال قائم کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہمارے جوانوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کا ثبوت ہیں۔ دہشتگردوں اور سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ پوری قوم کی آواز ہے۔ ایک بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے علاقوں چاغی اور پشین میں 21 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے، کسٹم ہاؤس پر دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے اور کوئٹہ-تفتان ہائی وے پر دہشت گردوں کی جانب سے غیر قانونی چیک پوسٹ قائم کر کے مسافروں کی نقل و حرکت متاثر کرنے کی کوششیں ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ صدر پاکستان نے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ صدر مملکت نے دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے دوران دو افسران اور کسٹمز کے ایک اہلکار سمیت چھ بہادر جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس بھی کیا اور کہا کہ شہداء نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن عزیز کے دفاع کی عظیم مثال قائم کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں نوکچی، چاغی، زیارت کراس اور پشین میں مختلف آپریشنز میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 21 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے جوانوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ایک بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کسٹم ہاؤس پر دہشتگرد حملے میں کسٹمز کے 2 افسران اور ایک اہلکار سمیت 6 بہادر جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا اور کہا کہ شہدا کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہمارے جوانوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، حکومت ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ ادھر ایک بیان میں وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نوکچی، چاغی اور زیارت کراس پشین میں 21 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور جام شہادت نوش کرنے والے کسٹمز افسران سمیت وطن کے 6 بہادر سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ شہداء نے جانیں قربان کر کے کسٹم ہاؤس پر حملہ ناکام بنایا۔ شہداء کی عظیم قربانیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کا ثبوت ہیں۔ بلوچستان میں قیام امن کیلئے سیکیورٹی فورسز پرعزم ہیں۔ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ دہشتگردوں اور سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ پوری قوم کی آواز ہے۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 31

شت نہیں کیا جائے گا۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ عناصر بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کے لیے پوری طرح متحرک ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور کسٹمز حکام کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ شہدا کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور جرائم پیشہ نیٹ ورک کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں

تلاش گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54401-6229045-5 مسمند تنزیل خان ولد ظفر اللہ کوئٹہ میں کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے قریبی لیٹر بکس میں ڈال دے۔ شکریہ

بقیہ 01

بلوچ نے کہا ہے کہ 3 ستمبر کو ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں بھی بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، بارڈرز، شاہراہوں کی بندش اور پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری کے خلاف تاجر برادری، دکانداروں اور شہریوں کے تعاون سے شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی۔ عوام اپنے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کے لیے اس جمہوری احتجاج کو کامیاب بنائیں۔ جمہوری مزاحمت کے ذریعے ظلم و جبر اور لاقانونیت کا راستہ روکیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 3 ستمبر کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی تیاریوں کے حوالے سے جماعت اسلامی بلوچستان کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امرا زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، مولانا محمد عارف دمڑ، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نورالدین غلزئی، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی، میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند، اعجاز محبوب، طیب فرید خان، روح اللہ سالار، احمد شاہ غازی سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 29 اور 30 اگست کے احتجاجی دھرنے کا جائزہ لیا گیا اور دھرنے کی کامیابی پر ذمہ داران اور کارکنان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 3 ستمبر کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے تاجر تنظیموں سے رابطے کیے جائیں گے اور شہریوں، دکانداروں اور عوام کو درپیش مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے بھرپور عوامی تعاون حاصل کیا جائے گا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان آج ریگستان بنا ہوا ہے، امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، شاہراہیں غیر محفوظ ہیں، ٹرکوں اور بسوں کو جلایا جا رہا ہے اور نوجوانوں کو غائب کیا جا رہا ہے۔ عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں اور کاروبار، تجارت اور روزگار کے مواقع محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں اور مسلسل ناانصافیوں کے باعث نوجوانوں کو جمہوری مزاحمت کے بجائے مسلح جدوجہد اور پہاڑوں کی طرف دھکیلنے کی کوشش اور سازش ہو رہی ہے جو بلوچستان اور ملک کے مفاد میں نہیں۔ ریاست اور حکومت کو چاہیے کہ نوجوانوں کو دیوار سے لگانے کے بجائے انہیں روزگار، تعلیم، کھیل اور کاروبار کے مواقع فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں، انہیں صرف عزت، امن، روزگار اور اپنے بنیادی حقوق چاہیے۔ حکومت بلوچستان میں بدامنی کے خاتمے، شاہراہوں کے تحفظ، بارڈرز کو قانونی تجارت کے لیے کھولنے اور عوام کو درپیش مشکلات کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ 3 ستمبر کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کسی فرد یا جماعت کے خلاف نہیں بلکہ بلوچستان کے عوام کے اجتماعی مسائل، امن، حقوق اور روزگار کے لیے ایک پرامن اور جمہوری احتجاج ہے۔ تاجر برادری، دکانداروں، ٹرانسپورٹرز اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ بھرپور تعاون کرتے ہوئے شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔

بقیہ 02

دیگر تعلیمی و تحقیقی سہولیات سے آگاہ کیا گیا وفد کی قیادت پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول کے ڈائریکٹر نواز خان کدزئی اور سینئر سائنس ٹیچر محمد اشرف نے کی دورے کے دوران طلبہ کو یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ سے ملاقات کا موقع بھی ملا۔ وائس چانسلر نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت، محنت، نظم و ضبط اور اعلیٰ کردار سازی پر زور دیا۔ انہوں نے طلبہ کو بڑے خواب دیکھنے اور اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں بروئے کار لانے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل ہی ملک کا مستقبل ہے اور انہیں علم و ہنر سے آراستہ ہو کر پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا وائس چانسلر نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے ایسے مطالعاتی دورے طلبہ کی ذہنی استعداد میں اضافے اور ان کے مستقبل کے تعلیمی اہداف کے تعین میں اہم کردار ادا کرتے ہیں یونیورسٹی آف لورالائی کی انتظامیہ نے پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول کے ڈائریکٹر نواز خان کدزئی کو طلبہ کے لیے اس مفید اور معلوماتی مطالعاتی دورے کا موقع فراہم کرنے پر سراہا۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ مستقبل میں بھی نوجوان طلبہ کو اعلیٰ تعلیمی ماحول سے روشناس کرانے اور انہیں مثبت تعلیمی تجربات فراہم کرنے کے لیے ایسے مطالعاتی و آگاہی دوروں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 03

ڈرائیونگ سکلز کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈرائیونگ ٹیسٹ کے دوران امیدواروں سے گاڑی چلانے، موڑ کاٹنے، ریورس کرنے، پارکنگ، گاڑی پر کنٹرول، اشاروں کے درست استعمال، ٹریفک قوانین کی پابندی اور سڑک پر محفوظ ڈرائیونگ سمیت مختلف عملی مہارتوں کا امتحان لیا گیا۔ سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ہر امیدوار کی ڈرائیونگ صلاحیت کو مقررہ معیار کے مطابق جانچا۔ اس موقع پر سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نعمت اللہ ترین نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کا اجرا صرف ان افراد کو کیا جانا چاہیے جو ڈرائیونگ کی مکمل مہارت رکھتے ہوں اور ٹریفک قوانین و ضوابط سے بخوبی واقف ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس محض ایک دستاویز نہیں بلکہ ایک اہم ذمہ داری ہے، اس لیے ڈرائیونگ ٹیسٹ کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سڑکوں پر حادثات کی روک تھام اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ ڈرائیونگ لائسنس کے امیدواروں کی صلاحیتوں کو عملی طور پر جانچا جائے۔ غیر ذمہ دارانہ اور غیر محتاط ڈرائیونگ نہ صرف خود ڈرائیور بلکہ دیگر شہریوں کی زندگیوں کے لیے بھی خطرہ بن سکتی ہے۔

بقیہ 04

دوران 37 فوڈ بزنسز کی چیکنگ، 8 یونٹس سیل جبکہ 232 کلوگرام سے زائد دودھ پاؤڈر اور 102 پیکٹس ضبط کیے گئے۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق سرکی روڈ، نیو اڈہ، میزان چوک اور نواں کلی میں متعلقہ ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ مشترکہ کارروائیاں کی گئیں۔ سرکی روڈ اور نیو اڈہ پر 20 یونٹس کی انسپکشن کے دوران 2 دکانیں سیل کر کے 232 کلوگرام انفینٹ فارمولا) بچوں کا فارمولا دودھ (اور ڈرائی ملک پاؤڈر قبضے میں لیا گیا جبکہ میزان چوک میں 8 یونٹس کی چیکنگ کے دوران غیر رجسٹرڈ انفینٹ فارمولا کی فروخت اور قواعد کی خلاف ورزی پر 6 یونٹس سیل کیے گئے۔ اسی طرح نواں کلی میں 9 یونٹس کی چیکنگ کے دوران غیر مصدقہ اور ممنوعہ ڈرائی ملک کے 102 پیکٹس ضبط کیے گئے جبکہ 5 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری ہوئے۔ کارروائی کے دوران بغیر لیبل، مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تاریخ اور ٹریس ایبلٹی کے دودھ پاؤڈر کے ساتھ جعلی بھی فارمولا ملک بھی تحویل میں لے لیے گئے۔ ڈائریکٹر آپریشنز بلوچستان فوڈ اتھارٹی فخرالدین مری نے کہا ہے کہ بچوں کے لیے غیر قانونی اور غیر محفوظ انفینٹ فارمولا کی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی، غیر رجسٹرڈ انفینٹ فارمولا اور ناقص ملک پاؤڈر کے خلاف خصوصی مہم جاری رہے گی اور کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق خصوصی انفینٹ فارمولا مہم کے علاوہ کوئٹہ، خاران، حب، تربت، ڈیرہ مراد جمالی، دکی اور لورالائی میں بھی بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف مراکز کا معائنہ کیا۔ بیکنگ یونٹس، جنرل اسٹورز، ریسٹورنٹس، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، نان شاپس، بیکریز، ہول سیل ٹریڈرز اور جوس شاپس سمیت مختلف فوڈ بزنسز کی چیکنگ کے دوران 10 مراکز کو جرمانے اور 26 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے جبکہ مجموعی طور پر 10 یونٹس سیل کیے گئے۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ بچوں کے لیے صرف مستند، رجسٹرڈ اور مکمل لیبل شدہ انفینٹ فارمولا خریدیں اور مشکوک یا غیر رجسٹرڈ مصنوعات کی اطلاع فوری طور پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو دیں۔

بقیہ 05

کہ مستقل عدالت ثالثی کا متفقہ فیصلہ اس امر کی واضح توثیق ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل یا غیر مؤثر نہیں کر سکتا اور معاہدہ بین الاقوامی قانون کے تحت بدستور نافذ العمل اور فریقین کے لیے پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کے فیصلے نے پاکستان کے آبی حقوق اور عالمی قوانین کی بالادستی کے اصول کو مضبوط کیا ہے۔ ان کے مطابق سندھ طاس معاہدہ خطے میں پانی کی تقسیم کے حوالے سے ایک اہم بین الاقوامی معاہدہ ہے اور اس کی قانونی حیثیت کو یکطرفہ اقدام سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ عدالت ثالثی کا فیصلہ قانون کی حکمرانی، بین الاقوامی معاہدوں کے احترام اور پاکستان کے جائز آبی حقوق کی واضح توثیق ہے۔

بقیہ 06

جرمانہ لگایا گیا تھا۔ حالانکہ وہ ہر ماہ باقاعدگی سے گیس بل جمع کرتے آ رہے ہیں۔ بل کی درستگی کے سلسلے میں وہ متعدد بار گیس دفتر کے چکر کاٹے لیکن کوئی شنوائی نہ ہو سکی۔ لہٰذا، مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی ناانصافی اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی کر دی۔ جس سے انہیں 24000 کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 07

ہوا پشتون قومی جرگہ 31,30 اگست، یکم ستمبر کوئٹہ میں منعقد کیا گیا ہے پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی کی جانب سے ہزاروں قبائلی، سیاسی، سماجی اور زندگی مختلف مکتبہ فکر کے نمائندگان کو دعوت پیش کی گئی تین روزہ جرگہ کی صدارت پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری محترم نواب ایاز خان جوگیزئی کر رہے ہیں جرگہ کا آغاز 30 اگست کی صبح کو تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جرگہ میں تلاوت مولوی کلیم اللہ، قاری عبداللہ اور قاری خلیل اللہ نے کی جلسہ کے سٹیج سیکرٹری کے فرائض پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کی جرگہ کے پہلے اور دوسرے تین تین سیشنز پر مبنی رہا جرگہ کا پہلا سیشن کا اختتام دوپہر 2 بجے اور پھر نماز اور ظہرانے کا وقفہ جاری رہتا دوسرا سیشن ساڑھے تین بجے سے شام ساڑھے 6 بجے تک جاری رہا تیسرا سیشن مغرب کی نماز کے بعد شروع ہو کر رات 10 تک جاری رہتا جرگہ کے دوران تمام شرکاء کے لیے چائے، ظہرانہ اور عشائیہ کا اہتمام کیا گیا تھا جرگہ میں خواتین کی نمائندگی بھی شریک رہی جرگہ میں وکلاء نے وفد کی شکل میں شرکت کی جرگہ کے سیکورٹی کی بندوبست پارٹی کارکنوں نے کی تھی جرگہ۔ ہال کے اندر میڈیا سیل قائم کیا گیا تھا جس سے جرگہ کی کوریج کی جاتی رہی جرگہ۔ ہال کے باہر پشتونخوا ڈاکٹرز فورم کے زیر اہتمام میڈیکل کیمپ لگایا گیا تھا جرگہ۔ ہال کے باہر بک سٹال قائم کیا گیا تھا جرگہ۔ ہال کے باہر جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کا علیحدہ علیحدہ سٹال لگایا گیا تھا جہاں مہمانوں اور شرکاء کے دعوت ناموں پر جرگہ ہال کے اندراج کارڈ کا اجراء کیا جاتا رہا جرگہ میں صحافیوں، فوٹوگرافرز، سوشل میڈیا کے لیے علیحدہ جگہ مختص کیا گیا تھا اور ان کے لیے میڈیا کارڈز کا اجراء کیا گیا تھا جرگہ دوسرے روز بھی جاری رہا اور یکم ستمبر کو بھی جاری رہے گا

بقیہ 08

خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف کارروائیوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ محکمہ زراعت چمن کی جانب سے کھاد کے ڈیلرز اور دکانداروں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ انہیں حکومت کی جانب سے مقرر کردہ قوانین اور ضوابط پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات دی جا رہی ہیں۔ محکمہ زراعت کے حکام نے واضح کیا ہے کہ بغیر لائسنس کھاد کی خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ محکمہ زراعت چمن نے تمام متعلقہ کاروباری افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے لائسنس حاصل کریں اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 09

نامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے فائنل میں بہترین کھیل پیش کیا، جبکہ میچ دیکھنے کے لیے اسنوکر سے محبت کرنے والے سینکڑوں شائقین موجود تھے، جنہوں نے دونوں کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ ٹورنامنٹ کے فاتح کھلاڑی کے لیے 30 ہزار روپے نقد انعام اور اعزازی ٹرافی جبکہ رنر اپ کھلاڑی کے لیے 15 ہزار روپے نقد اور ٹرافی رکھی گئی تھی۔ سیمی فائنلسٹ کھلاڑیوں کے لیے بھی 2500 روپے نقد انعام مقرر کیا گیا تھا۔ ان انعامات کا مقصد کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور بلوچستان میں اسنوکر کے کھیل کو مزید فروغ دینا ہے۔ تقریب کے چیف گیسٹ حاجی دریا خان مگسی تھے، جبکہ ٹورنامنٹ کے صدر حاجی شبیر لانگو، ٹورنامنٹ آرگنائزر ماجد یوسفزئی، قربان مگسی، قمر دین مگسی، حاجی غفار مگسی، بادل خان مگسی اور جہانگیر اسنوکر کلب کے مالک حاجی نور حسین رئیسانی، لارڈز کلب کے مالک محمد حنیف محمد حسنی اور بلوچستان کے ایک معروف کھلاڑی مصطفیٰ ہزارہ سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیف گیسٹ حاجی دریا خان مگسی نے نوجوان کھلاڑیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور معاشرے میں صحت مند ماحول پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ ٹیلنٹ رکھتے ہیں، انہیں صرف مناسب مواقع، سہولیات اور حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسنوکر سمیت تمام کھیلوں کے فروغ کے لیے اجتماعی کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں اور ایسے ٹورنامنٹس کا انعقاد نوجوان کھلاڑیوں کے لیے اپنی صلاحیتیں منوانے کا بہترین پلیٹ فارم ہے۔ حاجی دریا خان مگسی نے تاج محل اسنوکر کلب کی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کلب انتظامیہ کے لیے 2 لاکھ روپے نقد دینے کا اعلان کیا، جبکہ ٹورنامنٹ کے منتظم ریفری زکریا کے لیے بھی 10 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان کیا گیا۔ ٹورنامنٹ کی کامیابی میں انتظامیہ کی دن رات کی محنت کو بھی سراہا گیا۔ انتظامیہ میں نائب صدر تابش پرویز مسیح، جنرل سیکرٹری رابش پرویز، سیکرٹری ٹورنامنٹ ماجد یوسفزئی، خزانچی ضمیر اور تاج محل اسنوکر کلب کے دیگر ممبران شامل تھے، جن کی انتھک محنت اور بہترین انتظامات کے باعث یہ میگا ایونٹ کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔ ٹورنامنٹ کے انعقاد کا بنیادی مقصد بلوچستان کے نوجوان اور باصلاحیت اسنوکر کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنا، نئے ٹیلنٹ کو سامنے لانا اور صوبے میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا تھا۔ تقریب کے اختتام پر فاتح کھلاڑی زیب خان کوژائی اور نقد انعام جبکہ رنر اپ جہانزیب جہانگیر کو بھی ٹرافی اور نقد انعام دیا گیا۔ شرکاء نے تاج محل اسنوکر کلب کی انتظامیہ کو کامیاب ٹورنامنٹ کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور مستقبل میں بھی ایسے مقابلوں کے تسلسل کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ 10

حراست میں لیا گیا ہے اور ان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، آئی ڈی کارڈ، موٹر سائیکل برآمد کر کے قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز حب پولیس نے اسٹریٹ کرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کر دی بلوچ کالونی کے رہائشی علی خان کی رپورٹ پر کارروائی کے دوران اس سے چھینے گئے 2 موبائل فون، قومی شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈ، موٹر سائیکل برآمد کر لیے اور ملزم اختر اور اس کے ساتھی وزیر اعلی کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کر لیا جبکہ ملزمان کے 2 ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 11

بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں جس کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں میرا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ ہے کہ میرا گھر واگزار کروا کر تحفظ فراہم کیا جائے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میرا خاندان غریب، میرا شوہر ضعیف العمر، چار بیٹیاں اور دو بیٹے ہیں گھر عوامی پمپ نیچاری گلی سریاب روڈ کوئٹہ میں واقع ہے دو ماہ قبل میرے بھائی منیر احمد رئیسانی، محمد یوسف مرحوم، محمد یونس رئیسانی، مدثر رئیسانی اور مزمل نے مجھے اور میرے شوہر جو کہ بیمار اور چلنے پھرنے کے قابل نہیں ہے بچوں سمیت ہمارے ذاتی گھر سے بے دخل کر کے قبضہ کر لیا اور خود رہائش پذیر ہیں جس کی وجہ سے میرا خاندان در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں اور ہمیں دھمکی دی جا رہی ہیں کہ اگر مکان کے بارے میں کوئی قدم اٹھایا تو تمہارے بیٹوں کو نقصان پہنچائیں گے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ میرے بھائی اثر و رسوخ والے ہیں میرے بچوں کو ان سے خطرہ ہیں ہمیں تحفظ فراہم اور گھر واگزار کر کے انصاف دلایا جائے۔

بقیہ 12

دورانیہ میں لوڈ مینجمنٹ کے باعث بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 13

اچکزئی نے کہا کہ انسداد پولیو مہم ایک قومی مہم ہے اور اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس سلسلے میں میڈیا اور سول سوسائٹی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پولیو فری پاکستان ہمارا وژن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک بچہ بھی پولیو کے قطروں سے رہ گیا تو یہ مہم کامیاب نہیں ہوگی۔ والدین کی بھی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ پانچ سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں اور اپنے پھول جیسے بچوں کو معذوری سے بچائیں۔

بقیہ 14

انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر اپنے بزدلانہ اور انسانیت دشمن عزائم کا اظہار کیا ہے مگر دشمن کے ایسے منفی اور بزدلانہ ہتھکنڈے پاکستانی قوم کے عزم، حوصلے اور قومی یکجہتی کو کسی صورت متزلزل نہیں کر سکتے۔ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم ایک صفحے پر ہے اور ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کے خون کا حساب قانون اور ریاستی طاقت کے ذریعے لیا جائے گا۔ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت معافی نہیں ملے گی اور بہت جلد سیکیورٹی ادارے دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے انہیں ان کے انجام تک پہنچائیں گے۔ میر علی حسن زہری نے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے محافظ اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر وطن کے امن اور سلامتی کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں۔ پوری قوم اپنے بہادر سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی قربانیوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل صفایا کیے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ ریاست دشمن عناصر کو واضح پیغام ہے کہ پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ اپنے منطقی انجام تک پہنچائی جائے گی اور ملک دشمن عناصر کا آخری ٹھکانہ بھی ختم کیا جائے گا۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند، محب وطن اور پاکستان سے بے پناہ محبت کرنے والے لوگ ہیں۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے عوام اور ریاست کے درمیان فاصلے پیدا کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور ملک دشمن قوتوں کے عزائم کو مسترد کیا ہے اور آئندہ بھی ریاست کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ میر علی حسن زہری نے شہید ہونے والے کسٹمز اہلکاروں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری قوم شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زیارت کراس واقعے میں ملوث دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور پس پردہ عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور قرار واقعی سزا دی جائے۔ دہشت گردی کے اس نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ دشمن جتنے بھی ہتھکنڈے آزما لے، پاکستانی قوم متحد ہے، ریاست مضبوط ہے اور ہمارے سیکیورٹی ادارے ملک کے دفاع کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم ایک صفحے پر ہے، دشمن کے بزدلانہ وار قوم کا عزم نہیں توڑ سکتے۔ شہدا کا خون رنگ لائے گا اور دہشت گردوں کا انجام قریب ہے۔

بقیہ 15

صدر حافظ صلاح الدین سلفی، پھلان خان، مقبول ناصر، مبارک علی بلوچ، زاہد حسین، اکرم مقصود، ٹھیکیدار عصاء اور دیگر شخصیات نے کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ کو کمشنر مکران کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر کمشنر مکران ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے ملاقات کے لیے آنے والے وفود اور شخصیات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مکران ڈویژن میں عوامی مسائل کے حل، انتظامی امور میں مزید بہتری، سرکاری اداروں کی کارکردگی کو مؤثر بنانے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت اور بہتر انتظامی نظام ان کی ترجیحات میں شامل ہے جبکہ ڈویژن کے مختلف اضلاع میں درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ اور مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔

بقیہ 16

علیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر ریسکیو نوید احمد کی نگرانی میں پی ڈی ایم اے کی ٹیمیں تمام ریسکیو وسائل کو کسی بھی ہنگامی صورتحال، آگ بجھانے، زخمیوں کی طبی امداد اور ریسکیو آپریشن کے لیے مکمل طور پر تیار رکھا گیا ہے۔ ریسکیو ٹیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ کسی بھی ہنگامی ضرورت کی صورت میں فوری کارروائی یقینی بنائی جائے۔ پی ای او پی ڈی ایم اے کی جانب سے صورتحال کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری بھی جاری ہے تاکہ ضرورت پڑنے پر مزید امدادی وسائل فوری طور پر متحرک کیے جا سکیں۔

بقیہ 17

لیا گیا واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ صحت ضلعی انتظامیہ پولیس پی پی ایچ آئی عالمی ادارہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے دوران گزشتہ پولیو مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل مشکلات اور مختلف علاقوں میں ٹیموں کو درپیش چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر پولیو ٹیموں کی کارکردگی بچوں کی کوریج رہ جانے والے بچوں انکاری والدین، مائیکرو پلاننگ، ٹیموں کی نقل و حرکت، سیکیورٹی انتظامات اور مہم کے دوران سامنے آنے والی دیگر رکاوٹوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کو مزید مؤثر منظم اور کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم سے قبل تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جائے اور مائیکرو پلانز کو زمینی حقائق کے مطابق مرتب کرتے ہوئے ہر یونین کونسل اور دور دراز علاقے میں پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے انہوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور لاعلاج مرض ہے، تاہم مؤثر حفاظتی اقدامات اور ویکسین کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے انہوں نے والدین سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ گزشتہ مہم کے دوران سامنے آنے والی خامیوں اور مشکلات کو دور کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، پولیو ٹیموں کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے اور فیلڈ میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت نصیر آباد کو پولیو سے پاک بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 18

کے فروغ اور تعلیمی اداروں میں طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکالرشپس، بسوں اور لیپ ٹاپس کی فراہمی کے بعد اب کالجز کی لائبریریوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جبکہ کتابوں کی تقسیم اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ معیاری کتابیں طلبہ کے علمی، تحقیقی اور فکری معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، اور حکومت تعلیمی اداروں میں مطالعے کا رجحان فروغ دینے کے لیے مزید اقدامات جاری رکھے گی۔ تقریب میں ڈائریکٹر کالجز پروفیسر حسین بلوچ، سبجیکٹ اسپیشلسٹ سعدیہ فاروقی، پرنسپل صباحت عظمت اور جوائنٹ ڈائریکٹر کالجز سعیدہ نیاز سمیت کالجز کے پرنسپلز اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 19

، ایجوکیشن، کامرس، کیمسٹری، زوالوجی، انگلش، پوسٹ ایسوسی ایٹ پروگرامز، ایم ایس مینجمنٹ سائنسز، ایم ایس کیمسٹری اور پی ایچ ڈی مینجمنٹ سائنسز شامل ہیں۔ امیدوار آن لائن درخواست ug.edu.pk کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں، جبکہ داخلہ فارم downloads / ug.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ داخلہ معلومات و رہنمائی: 32192+|42104228692+ 8- 0 8 7 9 3 1 یونیورسٹی admissions@ug.edu.pk آف گوادر نے اہل امیدواروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ 15 ستمبر 2026 کی آخری تاریخ سے قبل اپنی درخواستیں جمع کرائیں

بقیہ 20

کی جانب سے ناقص، ایکسپائر، کیمیکل شدہ خشک دودھ کے خلاف پابندی عائد کرنے کے اقدام کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسوسی ایشن اس اقدام کو عوام کے بہترین مفاد اور بلوچستان کی ڈیری صنعت کے لیے انتہائی خوش آئند اور مثبت پیش رفت قرار دیتی ہے اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کو اس اہم اقدام پر خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ آل بلوچستان ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن نے ہمیشہ ناقص، ایکسپائر، کیمیکل شدہ اور خشک دودھ کے مسئلے کو متعلقہ حکام کے سامنے اجاگر کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کا موقف رہا ہے کہ غیر معیاری دودھ نہ صرف مقامی ڈیری فارمرز اور بلوچستان کی ڈیری صنعت کو شدید نقصان پہنچا رہا ہے بلکہ عوامی صحت کے لیے بھی ایک سنگین خطرہ ہے۔ خصوصاً بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کے لیے غیر معیاری اور کیمیکل شدہ دودھ مختلف بیماریوں اور صحت کے مسائل کا باعث بن سکتا ہے۔ اس لیے عوام کو خالص، صاف اور معیاری دودھ کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسوسی ایشن کو امید ہے کہ ناقص، ایکسپائر، کیمیکل شدہ اور خشک دودھ کے خلاف عائد کی گئی پابندیوں پر سختی سے اور بلا امتیاز عملدرآمد کیا جائے گا، جس سے ایک طرف عوام کو معیاری دودھ دستیاب ہوگا جبکہ دوسری جانب مقامی ڈیری فارمرز اور بلوچستان کی ڈیری صنعت کو فروغ ملے گا۔ آل بلوچستان ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے اس اہم اقدام کو سراہتے ہوئے حکومت اور ضلعی انتظامیہ کو یقین دلاتی ہے کہ ایسوسی ایشن عوام کو معیاری دودھ کی فراہمی اور بلوچستان کی ڈیری صنعت کے تحفظ و فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 21

اور واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کے خلاف صحافی منظور بلوچ نے پولیس تھانہ نوشکی میں تحریری درخواست جمع کراتے ہوئے نامعلوم ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی اور مسروقہ سامان کی برآمدگی کا مطالبہ کیا ہے۔ درخواست موصول ہونے کے بعد ایس ایچ او نوشکی نے پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور واقعے سے متعلق شواہد و معلومات اکٹھی کیں۔

بقیہ 22

سے قائم کردہ مانیٹرنگ نظام کے تحت زرغون زون میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ زرغون زون انچارج نہال دین مگسی کی سربراہی میں متعلقہ ٹیم نے شاہراہ اقبال سے میزان چوک، پرنس روڈ، لیاقت بازار، فاطمہ جناح روڈ، مسجد روڈ سمیت شہر کے مختلف مرکزی بازاروں، تجارتی مراکز، ملحقہ مارکیٹوں اور گلیوں میں کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات اور آمد و رفت میں رکاوٹ بننے والے سامان کو ہٹا دیا گیا، جس سے شہریوں کی پیدل آمد و رفت اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے میں مدد ملی۔ اس موقع پر متعدد ہوٹل مالکان، دکانداروں اور کاروباری افراد کو بھی واضح ہدایات اور وارننگ جاری کی گئی کہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر دوبارہ تجاوزات قائم کرنے سے گریز کیا جائے۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت بلا امتیاز اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی انسداد تجاوزات کارروائیوں کا مقصد کسی فرد یا کاروباری طبقے کو مشکلات سے دوچار کرنا نہیں بلکہ ٹریفک کی روانی میں بہتری، شہری نظم و ضبط کو مزید بہتر اور کوئٹہ شہر کو ایک صاف، خوبصورت اور منظم شہری مرکز کے طور پر اجاگر کرنا ہے۔

بقیہ 23

گرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے کہا میر حیدر خان جمالی نے کہا کہ ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی کی دکانوں کو فعال بنانے سے زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی براہ راست فائدہ پہنچے گا جہاں انہیں کھاد زرعی ادویات اور دیگر زرعی ضروریات با آسانی دستیاب ہو سکیں گی۔ اس سے زمینداروں کو زرعی مداخل کی خریداری کے لیے دور دراز علاقوں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا اور ان کا قیمتی وقت اور اخراجات بھی بچیں گے۔ میر حیدر خان جمالی نے کہا کہ اوستا محمد ایک زرعی علاقہ ہے اور یہاں ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی کو فعال اور مؤثر بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ دکانوں کی الاٹمنٹ سے نہ صرف مارکیٹ کمیٹی کی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ مقامی سطح پر تجارت کو فروغ، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور زراعت سے وابستہ افراد کو سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے ڈائریکٹر ایگریکلچر، ڈپٹی کمشنر ضلع اوستا محمد اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی سے مطالبہ کیا کہ دکانوں کی الاٹمنٹ کے معاملے پر باہمی مشاورت سے فوری فیصلہ کیا جائے۔

بقیہ 24

پر مجبور ہیں، جس سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ ٹریفک کے مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں موجودہ پارکنگ کی گنجائش ناکافی ہو چکی ہے اور ٹرانسپورٹ کا شعبہ مسلسل بڑھنے کے باوجود اڈے کی توسیع پر کوئی خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ اگر فوری طور پر اضافی زمین فراہم نہ کی گئی تو ٹرانسپورٹرز کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے صوبائی حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی کی توسیع کے لیے فوری طور پر مزید سرکاری زمین الاٹ کی جائے اور ٹرانسپورٹرز کو مناسب پارکنگ کی سہولت فراہم کی جائے، تاکہ بھاری گاڑیوں کو سڑکوں پر کھڑا کرنے کی مجبوری ختم ہو اور ٹرانسپورٹرز بلا رکاوٹ اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ٹرانسپورٹ کے شعبے کو ملکی و صوبائی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھتے ہوئے ٹرک اڈہ ہزار گنجی کی توسیع کا مسئلہ ہنگامی بنیادوں پر حل کرے۔ ٹرانسپورٹرز کو درپیش اس بنیادی مسئلے کو مزید نظر انداز کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔

بقیہ 25

نامی شخص کے ساتھ ملی بھگت سے ان کے 20 لاکھ روپے ہڑپ کر لیے ہیں۔ وڈیرہ گلزار خان مری کے مطابق مذکورہ رقم انہیں واپڈا کی جانب سے سولر سسٹم کی تنصیب کے لیے فراہم کی گئی تھی، تاہم ان کا الزام ہے کہ رقم انہیں دینے کے بجائے محمد حنیف مری اور قاسم نے آپس میں تقسیم کر لی۔ انہوں نے کہا کہ معاملے کے باعث انہیں مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے اور وہ اپنی رقم کے حصول کے لیے متعلقہ حکام سے رجوع کر رہے ہیں۔ وڈیرہ گلزار خان مری نے ڈپٹی کمشنر کوہستان مری، ایس پی کوہستان مری اور کمانڈنٹ میوند رائفلز سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تحقیقات میں الزامات درست ثابت ہوں تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور ان کی 20 لاکھ روپے کی رقم واپس دلوائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ انہیں انصاف فراہم کیا جائے اور مبینہ طور پر ہڑپ کی گئی رقم کی واپسی کے لیے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 26

عقیدت پیش کرتے ہیں۔ شیر احمد بلوچ نے کہا کہ سید علی گیلانی نے اپنی پوری زندگی اپنے نظریے، کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے جدوجہد میں گزاری۔ اپنی سیاسی زندگی کے دوران انہیں مختلف پابندیوں، گرفتاریوں اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، تاہم وہ اپنے موقف اور اصولوں پر ثابت قدم رہے۔ انہوں نے کہا کہ سید علی گیلانی کا معروف نعرہ ''ہم پاکستانی ہیں، پاکستان ہمارا ہے'' ان کے سیاسی نظریے اور پاکستان سے گہری وابستگی کی عکاسی کرتا ہے۔ شیر احمد بلوچ کے مطابق سید علی گیلانی کی سب سے بڑی میراث ان کی استقامت، حوصلہ اور اپنے اصولوں پر غیر متزلزل یقین ہے۔ انہوں نے نوجوان نسل کے لیے یہ پیغام چھوڑا کہ کسی بھی قومی اور سیاسی مقصد کے حصول کے لیے شعور، مستقل مزاجی اور پرامن جدوجہد بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سید علی گیلانی کی برسی کے موقع پر ہمیں صرف انہیں خراج عقیدت پیش کرنے تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ مسئلہ کشمیر کے تاریخی اور قانونی پہلوؤں کو سمجھنے، اس حوالے سے شعور و آگاہی پیدا کرنے اور کشمیری عوام کی آواز کو پرامن اور مؤثر انداز میں دنیا تک پہنچانے کے عزم کو بھی تازہ کرنا چاہیے۔ شیر احمد بلوچ نے کہا کہ سید علی گیلانی کا عزم، نظریہ اور جدوجہد آج بھی کشمیر کاز سے وابستہ افراد کے لیے استقامت اور حوصلے کی علامت ہے۔ انہوں نے سید علی شاہ گیلانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے لیے آواز، شعور اور پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 27

م نارنگاک" کی کتب بطور تحفہ پیش کی گئیں۔ عطیہ کردہ کتابیں کالج کے پرنسپل پروفیسر محمد یوسف بلوچ، پروفیسر شیر محمد سرپرہ اور لائبریرین باسط دہوار نے ایف اے براہوئی، فرسٹ ایئر کے طلبا میں مفت تقسیم کیں۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر محمد یوسف بلوچ نے اظہار خیال کرتے ہوئے براہوئی اکیڈمی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ زبان و ادب کے فروغ، تحقیق و ترویج اور علمی و ادبی کتب کی اشاعت کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہی ہے۔ بالخصوص براہوئی کتابوں کی اشاعت، ادیبوں و شعرا کی حوصلہ افزائی اور نئی نسل کو مادری زبان سے جوڑنے کی کوششیں قابل تحسین اور لائق تقلید ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں میں براہوئی زبان و ادب کی کتب کی فراہمی ایک خوش آئند قدم ہے۔ اس سے نہ صرف طلبا میں مطالعے کا شوق پیدا ہوگا بلکہ ہماری مادری زبان کے علمی و ادبی سرمائے سے وابستگی بھی مزید مستحکم ہوگی۔

بقیہ 28

محمد لاشاری، سپرنٹنڈنٹ سید فرید شاہ، شیر دل مرغزانی، سبی بار کے جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ سید نوید شاہ، عبدالواحد درانی ایڈووکیٹ، محمد انیس ایڈووکیٹ، سبی پریس کلب کے صدر سعید الدین طارق نے پودے لگا کر شجر کاری مہم میں حصہ لیا اس موقع پر ناظم جنگلات سبی ڈویژن سید طارق شاہ، اور محکمہ جنگلات کے دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ مون سون شجر کاری مہم کے دوران ڈسٹرکٹ سیشن جج سبی طاہر ہمایوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے جبکہ درخت ہمارا قومی اثاثہ ہیں جن کی آبیاری کرنا اور انہیں لگانا ہمارا قومی فریضہ بنتا ہے انہوں نے کہا کہ درخت جہاں ماحول میں تبدیلی و تغیر کا باعث بنتے ہیں وہاں پر درخت ہمیں سایہ بھی فراہم کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ شجر کاری نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کے لئے ضروری ہے بلکہ آئندہ نسلوں کی بہتر مستقبل کی ضمانت بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سبی کے عوام کو چاہیے کہ وہ شجر کاری کی اس مہم سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو آلودگی سے بچائیں انہوں نے کہا کہ شجر کاری مہم کے سلسلے میں مختلف مقامات پر درخت اور پودے لگانے سے نہ صرف شہری خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ آنے والی نسلوں کو صاف اور صحت مند فضا فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں۔

بقیہ 29

شامل کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور بزنس کمیونٹی کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ساواتھ ایئرلائن کے چیف کمرشل آفیسر سراج قاضی، ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ سیکورٹی بریگیڈیئر عامر ابرار و دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 30

ند لگا دیتا ہے۔ میرین ڈرائیو اب ایک بار پھر اپنی دلکشی، رعنائی اور پرسکون فضا کے ساتھ اہل گوادر اور آنے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہہ رہی ہے گوادر کی ترقی، خوبصورتی اور عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے جی ڈی اے کے اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں

بقیہ 31

کے انتظامی و عملی امور کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، جبکہ یونین کونسل سطح پر تعینات عملے کی مؤثر تربیت، ٹیموں کی استعداد کار میں بہتری اور مہم کے دوران بہتر رابطہ کاری کو یقینی بنانے پر خصوصی زور دیا گیا اجلاس میں مہم کے دوران درپیش ممکنہ آپریشنل مسائل پر بھی غور کیا گیا اور ان کے بروقت حل کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی تعاون اور مؤثر کوآرڈینیشن کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ مزید برآں، ضلع کے تمام علاقوں میں بچوں تک رسائی اور زیادہ سے زیادہ کوریج یقینی بنانے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کے مکمل خاتمے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مشترکہ ذمہ داری اور بھرپور عزم کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کی کامیابی کے لیے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی بھی مستحق بچہ حفاظتی قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔

بقیہ 32

شاہوانی کے گھر پر بدنیتی پر مبنی ایسی کارروائیوں کی پارٹی مذمت کرتا اس کے علاقہ پارٹی یہ بھی واضح کرتی ہے کہ فورسز نے سریاب میں عام لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے بہرات چھاپہ قیمتی اشیاء سے لوگوں کو محروم کرنا قیمتی گاڑیوں کی توڑ پھوڑ نقدی زیورات لیکر جانا اب روز کا معمول ہو چکا ہے حکومت ان ناروا کارروائیوں سے اجتناب کرے بصورت دیگر نیشنل پارٹی سریاب کے عوام کے ساتھ ملکر اس عمل کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی۔

بقیہ 33

جہد اور خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو ورثے، قیادت، مقصد حیات، فکری شعور، خود اعتمادی اور معاشرتی ذمہ داریوں کے حوالے سے بامقصد مکالمے کا موقع فراہم کرنا تھا۔ تقریب سے یوتھ فورم فار کشمیر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شیر احمد، احمد وقاص کاشی، انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب کوئٹہ، ایڈووکیٹ خدائے نور کاکڑ، بلوچستان ہائی کورٹ، شہزادی فوزیہ کاسی، چیف ایگزیکٹو آفیسر القادر کمیکلز، ایڈووکیٹ فائزہ شکیل، سماجی کارکن، سعد خالد، نوجوان، اور عاصم سعید خان، صحافی، میزبان و سماجی کارکن نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے متحرک، باصلاحیت اور مستقبل ساز طبقہ ہوتے ہیں۔

بقیہ 34

جانب ایک تاریخی کامیابی ہے۔ ترجمان کے مطابق پی ایم اینڈ ڈی سی کے معائنہ کاروں نے 17 اور 18 اگست کو لورالائی میڈیکل کالج کا تفصیلی معائنہ کیا تھا، جس کے دوران تدریسی سہولیات، فیکلٹی، منسلک تدریسی ہسپتال، انفراسٹرکچر اور دیگر ضروری انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ مطلوبہ تقاضوں کی تکمیل کے بعد کالج کو 100 نشستوں کے لیے منظور کیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یہ اہم کامیابی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کی مسلسل نگرانی اور عملی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ موجودہ صوبائی حکومت طبی تعلیم کی توسیع، میڈیکل کالجوں کے معیار اور استعداد میں اضافے اور صوبے کے نوجوانوں کو اپنے علاقوں میں معیاری طبی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ اس سے قبل کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کے اعلیٰ سطحی وفد نے لورالائی اور تربت کا دورہ کیا تھا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کے دورے کو مؤثر اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے اپنا خصوصی طیارہ فراہم کیا، جس کے بعد لورالائی اور تربت کے متعلقہ تدریسی ہسپتالوں کو سی پی ایس پی کی پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ سائٹس قرار دیا گیا۔ اس پیش رفت سے بلوچستان کے ڈاکٹروں کے لیے تخصصی طبی تربیت اور پوسٹ گریجویٹ تعلیم کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کی نگرانی میں طبی تعلیمی اداروں کو پی ایم اینڈ ڈی سی اور سی پی ایس پی کے مطلوبہ معیار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مربوط اقدامات جاری ہیں۔ لورالائی میڈیکل کالج کی نشستوں میں دوگنا اضافہ انہی مسلسل اور سنجیدہ کوششوں کا عملی ثمر ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ رواں ماہ جھالاوان میڈیکل کالج خضدار اور مکران میڈیکل کالج تربت کے بھی معائنے متوقع ہیں۔ امید ہے کہ مطلوبہ تقاضوں کی تکمیل کے بعد ان اداروں کے حوالے سے بھی بلوچستان کے عوام کو جلد خوشخبری ملے گی۔ ترجمان نے کہا کہ حکومت بلوچستان میڈیکل کالجوں کی نشستیں بڑھانے، پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ کے مواقع وسیع کرنے اور تدریسی ہسپتالوں کو مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ان اقدامات سے نہ صرف صوبے میں ڈاکٹروں کی کمی دور کرنے میں مدد ملے گی بلکہ دور دراز علاقوں کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جا سکے گی۔

بقیہ 35

ترمیم یا تبدیلی نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس سے پیچھے ہٹ سکتا ہے۔ یہ معاہدہ دونوں ممالک پر یکساں طور پر لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے بھارتی ہٹ دھرمی کو عالمی سطح پر شدید قانونی دھچکا لگا ہے اور پاکستان کا موقف مزید مضبوط ہو کر سامنے آیا ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ پاکستان اپنے دریاؤں پر کسی بھی غیر قانونی تعمیر یا پانی کی چوری کو ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ بھارت کو اس تاریخی معاہدے کی مکمل پاسداری کا پابند بنائے۔ ثالثی عدالت نے فیصلے میں قرار دیا کہ بھارت کی جانب سے بتائی گئی کوئی بھی بنیاد معاہدے کی معطلی یا خاتمے کا جواز پیش نہیں کر سکتی۔ سندھ طاس معاہدہ مکمل طور پر نافذ العمل ہے اور بھارت کو معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں پر عمل کرنا ہوگا۔ بھارت کو مغربی دریاؤں پر اپنے ہائیڈرو الیکٹرک منصوبوں کے ڈیزائن اور آپریشن سے متعلق ذمہ داریاں بھی پوری کرنا ہوں گی۔ عالمی ثالثی عدالت نے پاکستان کی درخواست پر بھارت پر عبوری اقدامات بھی عائد کر دیے۔ عدالت نے بھارت کو راتلے ڈیم کی دیوار اور پانی کے انٹیک ڈھانچے کو مخصوص سطحوں سے اوپر کرنے سے روک دیا اور حکم دیا کہ نیوٹرل ایکسپرٹ کے حتمی فیصلے کے 90 دن بعد تک بھارت راتلے ڈیم کی تعمیر پر کام بند رکھے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی اور قانونی محاذ پر کامیابی اور عالمی قوانین کے مطابق سنجیدہ کوششیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان اقوام عالم اور خصوصاً خطے میں ہمسایہ ممالک کے ساتھ برابری اور اصولوں پر مبنی تعلقات رکھنے پر یقین رکھتا ہے۔

بقیہ 36

خدائے نظر صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی مولانا محمد ابراہیم مولانا محمد شفیع و دیگر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قوم امن کے لیے ترس رہی ہے اور امن اسلام کے عادلانہ نظام کے نفاذ میں ہے۔ اسلام ایک کامل، مکمل اور ہمہ گیر نظام حیات ہے۔ حکومت ریاست میں اسلام کے عادلانہ نظام کو نافذ کر دیں، تو خلفائے راشدین کے امن دور کی یاد تازہ ہو سکتی ہے ریاست اگر قوم کو خوف، دہشت، معاشی بدحالی اور ناانصافی سے نجات دلانا چاہتے ہیں تو اسلام کے عادلانہ اصولوں کو اپنانا ہوگا۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مدارس نے ہمیشہ امت مسلمہ کو جوڑنے اور امن کا گہوارہ بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ 37

کیں داد کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی صحبت پور طفیل اللہ کاکڑ کا کہنا ہے کہ پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں تاکہ علاقے میں امن کے قیام کو یقینی بنایا جا سکے۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 38

بنے اس طرح کے راستے اپنا کر میڈیا ورکرز کے حقوق کے لیے اٹھنے والی آوازوں کو دبایا نہیں جا سکتا۔ بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب قیادت نے کراچی پریس کلب کے صدر سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام کے خلاف کراچی پریس کلب اور کراچی یونین آف جرنلسٹس کے ہر فیصلے میں ان کے ساتھ ہیں۔

بقیہ 39

حاجی لشکری رئیسانی کے گھر پر حملہ ایک نہایت تشویشناک اور افسوسناک واقعہ ہے۔ ایسے ہتھکنڈوں کے ذریعے سیاسی آوازوں کو دبانے کی کوششیں نہ ماضی میں کامیاب ہوئی ہیں اور نہ آئندہ کامیاب ہوں گی۔ سیاسی اختلافات اور اظہار رائے کا جواب طاقت یا تشدد کے بجائے سیاسی، جمہوری اور آئینی طریقے سے دیا جانا چاہیے۔ بیان میں نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور شہریوں، سیاسی و قبائلی شخصیات کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ حکومت اپنی آئینی و انتظامی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنائے اور سیاسی و سماجی شخصیات سمیت عام شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنائے

بقیہ 40

10 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کیا گیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں قوم کے 6 بہادر سپوتوں نے جام شہادت نوش کیا، جن میں دو افسران اور محکمہ کسٹمز کا ایک سرکاری اہلکار بھی شامل ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ علاقے میں باقی ماندہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ عزم استحکام اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 41

دار الحکومت منسک میں ہوئی۔ ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور بیلاروس کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر گفتگو کی۔ اسحاق ڈار اور بیلاروس کے وزیر خارجہ نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں خطے کی تازہ صورتحال اور حالیہ علاقائی پیش رفت بھی زیر بحث آئی، جبکہ دونوں رہنماؤں نے بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال کے تناظر میں باہمی رابطوں اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 42

کے اضافے کے ساتھ پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 77 ہزار 800 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ ٹریڈنگ کے دوران اسٹاک مارکیٹ میں اچانک مندی چھا گئی جو کاروباری روز کے اختتام تک برقرار رہی جس کے باعث اسٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 508 پوائنٹس کی کمی کے ساتھ ایک لاکھ 76 ہزار 466 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری دن کے اختتام پر اسٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 76 ہزار 975 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 43

-18) کے عہدے پر ترقی دیدی گئی ہے۔

بقیہ 44

شت نہیں کیا جائے گا۔ غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ عناصر بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ ریاستی ادارے عوام کے جان و مال اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کے لیے پوری طرح متحرک ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور کسٹمز حکام کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ شہدا کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور جرائم پیشہ نیٹ ورک کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن چاہتے ہیں اور حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ علاقے میں جاری کلیئرنس آپریشن کو مزید مؤثر بنایا جائے اور قومی شاہراہوں سمیت شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 45

ئے کار لا کر بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت پسماندہ صوبوں میں معاشی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے کوئٹہ میں جہانگیر خان خروٹی، ارشد گجر اور میرا خان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان خصوصاً چاغی میں ترقیاتی عمل، عوامی مسائل، معدنی و قدرتی وسائل کے بہتر استعمال، تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ اور علاقے میں معاشی سرگرمیوں کے امکانات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان قدرتی اور معدنی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، ان وسائل کو مؤثر، شفاف اور پائیدار انداز میں استعمال کر کے صوبے میں ترقی اور خوشحالی کی نئی راہیں کھولی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ صوبے کی افرادی قوت کو ملکی معیشت کی مضبوطی کیلئے مؤثر انداز میں استعمال کیا جا سکے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی کا راستہ تجارت، سرمایہ کاری، صنعت اور قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال سے ہو کر گزرتا ہے، جبکہ پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے میں شامل کیے بغیر پائیدار ترقی کا خواب مکمل نہیں ہو سکتا۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت تمام صوبوں میں عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ وقت سیاسی اختلافات کو ہوا دینے کے بجائے ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں متحد ہو کر آگے بڑھنے کا تقاضا کرتا ہے۔ سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کیلئے مشترکہ طور پر کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ وقت باہمی اختلافات کا نہیں بلکہ عوام کی خدمت، ملکی معیشت کے استحکام اور ترقی کے عمل کو تیز کرنے کیلئے عملی اقدامات کا ہے۔

مدارس نے ہمیشہ امت مسلمہ کو جوڑنے اور امن کا گہوارہ بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، رہنماؤں کا خطاب

قوم امن کیلئے ترس رہی ہے، جمعیت یو آئی نظریاتی

قرآن ایک فلاحی اور پرامن معاشرے کی بنیاد رکھی قرآن کی تعلیمات نے دور جہالت کی ظلم وستم کا خاتمہ کر کے دنیا میں امن کی مثال قائم کی

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ دارالعلوم رحمانیہ کلی عمر کوئٹہ کے جلسہ دستار بندی، تحفظ دینی مدارس کانفرنس سے جمیعت علما اسلام نظریاتی پاکستان کےمرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، صوبائی امیر مولانا قاری مہراللہ، صوبائی امیر اہل سنت والجماعت مولانا مفتی کلیم اللہ حیدری، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، مسول وفاق المدارس مولانا حفیظ اللہ، نائب امیر مہتمم جامعہ ہذا مفتی عبدالرحمن، صوبائی نائب امیر مولانا (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

صحبت پور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مغوی خاتون کو بازیاب کرا کر ملزم کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) صحبت پور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مغوی خاتون کو بازیاب کرا کر ملزم کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز صحبت پور پولیس نے اغواء کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مغویہ مسماۃ (ع) کو بازیاب کرا کر ملزم سا (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اور کوئٹہ پریس کلب کا مشترکہ مذمتی بیان

کراچی پریس کلب فاضل جمیلی کو قانونی نوٹس بھیجنے کی مذمت کرتے ہیں، کوئٹہ پریس کلب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اور کوئٹہ پریس کلب کی قیادت نے اپنے مشترکہ بیان میں جنگ جیو گروپ کے مالک میر شکیل الرحمان کی جانب سے کراچی پریس کلب کے صدر فاضل جمیلی کو قانونی نوٹس بھجوائے جانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی مذمت کی ہے۔ بی یو جے صدر منظور احمد اور کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید و کابینہ عہدیداروں کے مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کراچی پریس کلب کے صدر فاضل جمیلی ایک سنجیدہ اور سینئر صحافی ہیں ورکرز کے حق میں بات کرنا کوئی جرم نہیں قانونی نوٹس تشویشناک ہے اسے واپس لیا جانا چا (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

سیاسی آوازوں کو دبانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی، بی این پی (عوامی)

ضلع کچھی مہر گڑھ میں نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی کے گھر پر حملہ باعثِ تشویش و افسوس ہے، بیان

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنائے اور سیاسی و سماجی شخصیات سمیت عام شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنائے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) نے ضلع کچھی کے علاقے مہر گڑھ میں نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی کے گھر پر حملے کو باعثِ تشویش و افسوس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں اور سیاسی و قبائلی شخصیات کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے مگر بلوچستان میں حکومت اپنے فرائض کی ادائیگی میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ پارٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ مہر گڑھ میں نوابزادہ (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

کوئٹہ: چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل بلوچستان ہائی کورٹ میں پبلک فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

سیکرٹری آر ٹی اے نے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آنے والے امیدواروں کا عملی ڈرائیونگ ٹیسٹ لیا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن نعمت اللہ ترین نے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے آنے والے امیدواروں کا عملی ڈرائیونگ ٹیسٹ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے امیدواروں کی ڈرائیونگ صلاحیتوں، ٹریفک قوانین سے آگاہی اور مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

غیر قانونی ڈرائی ملک پاؤڈر کے خلاف خصوصی مہم کا آغاز

232 کلوگرام سے زائد دودھ پاؤڈر اور 102 پیکٹس ضبط کرلی گئی

مشکوک یا غیر رجسٹرڈ مصنوعات کی اطلاع فوری طور پر فوڈ اتھارٹی کو دیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلی بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر بچوں کی صحت کے تحفظ اور غیر محفوظ مصنوعات کی روک تھام کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے غیر رجسٹرڈ، غیر لیبل شدہ اور ناقابل سراغ انفینٹ فارمولا دودھ اور غیر قانونی ڈرائی ملک پاؤڈر کے خلاف خصوصی مہم کا آغاز کر دیا۔ کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل یا غیر موثر نہیں کرسکتا، ظہور بلیدی

بین الاقوامی معاہدوں کے احترام اور پاکستان کے جائز آبی حقوق کی واضح توثیق ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق دی ہیگ میں مستقل عدالت ثالثی کے حتمی فیصلے کو پاکستان کے اصولی موقف اور عالمی قانون کی اہم فتح قرار دیا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے بیان میں کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

عوام اپنے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کے لیے اس جمہوری احتجاج کو کامیاب بنائیں، رہنماؤں کا خطاب

3 ستمبر کو بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، جماعت اسلامی

پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری کے خلاف تاجر برادری، دکانداروں اور شہریوں کے تعاون سے شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) 3 ستمبر کو بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، تاجروں، دکانداروں اور عوام سے بھرپور تعاون کی اپیل ہے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، بارڈرز و شاہراہوں کی بندش اور پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری کے خلاف جمہوری مزاحمت جاری رکھیں گے، ظلم و جبر اور لاقانونیت کا راستہ مل کر روکیں گے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان و ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

نوجوان نسل ہی ملک کا مستقبل ہے، ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ

علم و ہنر سے آراستہ ہو کر پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا موثر کردار ادا کرنا ہوگا

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی میں پروگریسو انگلش گرامر ہائی اسکول لورالائی کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے ایک معلوماتی اور تعلیمی مطالعاتی دورے کا اہتمام کیا گیا۔ اس دورے کا مقصد طلبہ کو کلاس روم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی اداروں کے علمی، تحقیقی اور جدید تدریسی ماحول سے روشناس کرانا تھا یونیورسٹی پہنچنے پر طلبہ اور اساتذہ کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر کے پی ایس او ڈاکٹر خالد خان نے طلبہ کی رہنمائی کرتے ہوئے انہیں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کروایا۔ طلبہ کو یونیورسٹی کے جدید آئی ٹی سینٹرز، لیبارٹریز اور (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

پاکستان اپنے دریاؤں پر کسی بھی غیر قانونی تعمیر یا پانی کی چوری کو ہرگز برداشت نہیں کریگا، صادق عمرانی

پاکستان اقوام عالم اور خصوصاً خطے میں ہمسایہ ممالک کے ساتھ برابری اور اصولوں پر مبنی تعلقات رکھنے پر یقین رکھتا ہے

میر محمد صادق عمرانی نے عالمی ثالثی عدالت کے حالیہ فیصلے کو پاکستان کی بہت بڑی قانونی اور سفارتی کامیابی قرار دیا ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے عالمی ثالثی عدالت کے حالیہ فیصلے کو پاکستان کی بہت بڑی قانونی اور سفارتی کامیابی قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ بین الاقوامی عدالت نے پاکستان کے اصولی موقف کو تسلیم کرتے ہوئے واضح کر دیا ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے میں کوئی بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

گوادر: ممبر الیکشن کمیشن بلوچستان شاہ محمد جتوئی و الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کمپلیکس سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

انسدادِ پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس

پولیو فری پاکستان ہمارا وژن ہے، عبدالقدوس اچکزئی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر شیر شاہ غلوئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر رفیق احمد مستوئی، ڈسٹرکٹ پولیو افسر ڈاکٹر شہباز ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر شہباز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ زیارت میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر کو شروع ہوگی اور 24 ستمبر کو اختتام پذیر ہوگی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی) کی جانب سے 220kv سبی۔ کوئٹہ ٹرانسمیشن لائن پر ضروری مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 2 ستمبر اور 3 ستمبر کو (روزانہ) صبح 7 بجے سے شام 5 بجے تک مذکورہ ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی متاثر ہوگی جس کے باعث تقریباً 220 میگاواٹ برقی قلت کو لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے اس (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

حب پولیس کی کارروائی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد چوری ڈکیتی میں ملوث ملزم سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) حب پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے کے بعد چوری ڈکیتی میں ملوث ملزم سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا جن میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

میرے بھائیوں نے 2 ماہ قبل میرے ذاتی گھر سے بیدخل کر کے قبضہ کیا ہے، عنایت خاتون رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کی رہائشی عنایت خاتون رئیسانی نے کہا ہے کہ میرے بھائیوں نے 2 ماہ قبل میرے ذاتی گھر سے بیدخل کر کے قبضہ کیا ہے میرا شوہر ضعیف العمر اور چار (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

حاجی دریا خان بگٹی کا نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کا پیغام

تاج محل اسنوکر کلب کوئٹہ کے تیسرے آل بلوچستان شہید میر زیب لانگو اسنوکر ٹورنامنٹ کا فائنل اختتام پذیر

شرکاء نے تاج محل اسنوکر کلب کی انتظامیہ کو کامیاب ٹورنامنٹ کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی

کوئٹہ (آن لائن) تاج محل اسنوکر کلب کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے تیسرے آل بلوچستان شہید میر زیب لانگو اسنوکر ٹورنامنٹ 2026 کا شاندار فائنل منعقد ہوا، جس میں بلوچستان بھر سے 86 نامور اسنوکر کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم کے تحت کھیلا گیا، جس کے فائنل میں زیب خان اور جہانزیب جہانگیر کے درمیان دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلہ ہوا۔ فائنل میچ بیسٹ آف سیون پر مشتمل تھا، تاہم زیب خان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے جہانزیب جہانگیر کو 4-0 سے شکست دے کر ٹور (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

بلوچستان میں طبی تعلیم کے فروغ کی جانب تاریخی پیش رفت

لورالائی میڈیکل کالج کی نشستیں 50 سے بڑھا کر 100 کر دی گئیں، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) ترجمان محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے کہا ہے کہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PM&DC) نے لورالائی میڈیکل کالج کی سالانہ نشستوں کی تعداد 50 سے بڑھا کر 100 کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ بلوچستان میں طبی تعلیم کے فروغ، ڈاکٹروں کی کمی دور کرنے اور مقامی طلبہ کے لیے میڈیکل کی تعلیم کے مواقع بڑھانے کی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالمنان کو گیس کے بل پر 43000 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار عبدالمنان نے بتایا کہ Ssgcl کی جانب سے انہیں ناجائز بل موصول ہوا۔ جس میں بے بنیاد (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

پشتونخوامیپ کی میزبانی میں منعقدہ پشتون قومی جرگہ کی جھلکیاں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوامیپ کی میزبانی میں منعقدہ پشتون قومی جرگہ کی جھلکیاں کوئٹہ میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی میزبانی میں جنوبی پشتونخوا کے عوام کا جرگہ منعقد (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

یوتھ انٹرایکٹو ڈائیلاگ 2026 بعنوان ورثے سے قیادت تک کا انعقاد

نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے متحرک، باصلاحیت اور مستقبل ساز طبقہ ہوتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) یوتھ فورم فار کشمیر (YFK) کوئٹہ ریجنل کے زیر اہتمام سید علی شاہ گیلانی کی برسی شہادت کے موقع پر یوتھ انٹرایکٹو ڈائیلاگ 2026 بعنوان ورثے سے قیادت تک کا انعقاد کیا گیا، جس میں نوجوانوں، طلبہ، سماجی کارکنوں، وکلاء، صحافیوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد سید علی شاہ گیلانی کی جدو (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

چمن میں بغیر لائسنس کھاد کی خرید و فروخت کے خلاف محکمہ زراعت کی کارروائیاں شروع

چمن (آن لائن) چمن میں بغیر لائسنس کھاد کی خرید و فروخت کے خلاف محکمہ زراعت کی کارروائیاں شروع حکومت بلوچستان کی جانب سے بغیر لائسنس کھاد کی خرید و فروخت پر عائد پابندی کے تحت محکمہ زراعت ضلع چمن نے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

فورسز نے سریاب میں عوام شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے، نیشنل پارٹی

رہنما ملک فیصل جان شاہوانی کے گھر پر بار بار چھاپوں کی مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی ترجمان نے پارٹی کے ہردلعزیز رہنما ملک فیصل جان شاہوانی کے گھر واقعہ سریاب پر فورسز کی جانب سے بار بار چادر اور چاردیواری کے تقدس کو پامال کرتے ہوئے بار بار چھاپے لگاتے ہیں ملک فیصل شاہوانی علاقہ کی ایک معتبر گھرانے سے تعلق رکھتا ہے وہ اس حلقہ سے صوبائی اسمبلی کے امیدوار بھی رہے ہیں ملک فیصل (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان محکمہ امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور ملک دشمن قوتوں کے عزائم کو مسترد کیا ہے

دشمن کے بزدلانہ وار قوم کا عزم متزلزل نہیں کرسکتے، میر علی حسن زہری

دشمن کے بزدلانہ وار قوم کا عزم نہیں توڑ سکتے۔ شہدا کا خون رنگ لائے گا اور دہشت گردوں کا انجام قریب ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور سینئر صوبائی نائب پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میر علی حسن زہری نے کوئٹہ کے زیارت کراس پر کسٹم ہاؤس پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی اس بہیمانہ کارروائی میں 10 اہلکاروں کی شہادت اور سینکڑوں گاڑیوں اور سرکاری املاک کو نذرِ آتش کرنا (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے صوبائی نائب صدر ملک عبدالظاہر کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ فرائض کی انجام دہی کا آغاز کر دیا

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ طور پر دفتری امور اور سرکاری فرائض کی انجام دہی کا آغاز کر دیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہیلتھ مکران ڈاکٹر محب اللہ، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر وحید بلیدی، تربت پریس کلب کے (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

کسی بھی واقعہ کی اطلاع ملنے پر پی ڈی ایم اے کی ٹیمیں 24 گھنٹے ہنگامی صورتحال نمٹنے کیلئے الرٹ ہے، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے ڈائریکٹر جنرل جہانزیب خان غوریزئی نے کہا ہے کہ واقعہ کی اطلاع ملنے پر پی ڈی ایم اے کی ٹیمیں 12 ایمبولینسز، 4 فائر ٹرکس، 2 واٹر بوزر کے ہمراہ 24 گھنٹے ہنگامی صورتحال نمٹنے کے لئے الرٹ ہے وزیرا (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

نصیر آباد، ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

پانچ سال سے کم عمر بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی اور آئندہ مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

درخت ہمارا قومی اثاثہ ہیں، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سبی

درختوں کی آبیاری نئی نسل کی آبیاری کے مترادف ہے، طاہر ہمایوں

سبی (خ ن) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سبی طاہر ہمایوں نے کہا ہے کہ درخت ہمارا قومی اثاثہ ہیں، درختوں کی آبیاری نئی نسل کی آبیاری کے مترادف ہے، عوام شجرکاری کی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، شہر کے مختلف مقامات پر درخت لگا کر عوام کے لیے پُرفضا ماحول بنایا جائیگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں مون سون شجرکاری مہم کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سیشن جج سبی نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا، اس موقع پر ایڈیشنل سیشن جج سبی عزیز احمد مینگل، جوڈیشل مجسٹریٹ شکیل ا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

ساوتھ ایئر لائن کا بلوچستان میں فضائی آپریشن بڑھانے کا منصوبہ

نشاط فاطمہ کا کوئٹہ سے ملتان اور پشاور کیلئے فوری پروازیں شروع کرنے کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) ساوتھ ایئر لائن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر نشاط فاطمہ نے کہا ہے کہ ایئر لائن کمپنی کی جانب سے بلوچستان میں فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا بنیادی مقصد صوبے میں سیاحت کو فروغ دینا اور بلوچستان کو ملک کے دیگر حصوں سے فضائی رابطوں کے ذریعے منسلک کرنا ہے۔ کوئٹہ سے ملتان اور پشاور کے لیے فوری طور پر پروازیں شروع کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے، جبکہ مستقبل میں بلوچستان کے دیگر شہروں کو بھی فضائی نیٹ ورک میں (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

شیرانی، ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

مہم کی کامیابی کے لیے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں

شیرانی (خ ن) منعقد ہونے والی SNIDs مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس شیرانی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے کی، جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سیف الدین بگٹی نے شریک صدارت کیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (DEOC) کی کور ٹیم، پارٹنر اداروں کے نمائندگان اور مختلف متعلقہ سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران آئندہ SNIDs مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکا کو مہم (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کوئٹہ براہوئی اکیڈمی کی جانب سے گورنمنٹ ڈگری کالج بروری روڈ کو براہوئی ادبی کتب کا تحفہ

کوئٹہ (آن لائن) براہوئی زبان و ادب کے فروغ اور نئی نسل کو اپنی مادری زبان سے مربوط کرنے کی خاطر براہوئی اکیڈمی کوئٹہ کی جانب سے آج یکم ستمبر 2026 گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج بروری روڈ کو براہوئی زبان کے ممتاز شاعر و ادیب فتح محمد شاد لہڑی کی تازہ ترین تصنیف "بہت (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

سید علی شاہ گیلانی محض ایک سیاسی رہنما نہیں بلکہ کشمیر کاز کی ایک مضبوط، توانا اور ثابت قدم آواز تھے، شیر احمد بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) یوتھ فورم فار کشمیر کے ڈائریکٹر شیر احمد بلوچ نے کہا کہ سید علی شاہ گیلانی محض ایک سیاسی رہنما نہیں بلکہ کشمیر کاز کی ایک مضبوط، توانا اور ثابت قدم آواز تھے۔ جاری بیان میں کہا کہ یکم ستمبر کو عظیم کشمیری رہنما سید علی شاہ گیلانی کی برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراج (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

گوادر کے معروف سیاحتی اور تفریحی مقام میرین ڈرائیو کی لائٹنگ بحال

شام اور رات کے اوقات میں ایک دلکش اور پرکشش ماحول بھی میسر آ گیا ہے، انتظامیہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان کی خصوصی ہدایت پر گوادر کے معروف سیاحتی اور تفریحی مقام میرین ڈرائیو کی لائٹنگ بحال کر دی گئی ہے گزشتہ کچھ عرصے سے مدھم پڑ جانے والی روشنیاں دوبارہ اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ جگمگا رہی ہیں، جس سے نہ صرف میرین ڈرائیو کی خوبصورتی میں اضافہ ہوا ہے بلکہ شہریوں اور سیاحوں کے لیے شام اور رات کے اوقات میں ایک دلکش اور پرکشش ماحول بھی میسر آ گیا ہے۔ جب شام ڈھلے روشنیوں کی کرنیں نیلگوں سمندر کی لہروں پر بکھرتی ہیں تو یہ منظر گوادر کی قدرتی خوبصورتی کو چار چا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

اسکالرشپس، بسوں اور لیپ ٹاپس کی فراہمی کے بعد اب کالجز کی لائبریریوں پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

حکومت تعلیمی اداروں میں مطالعے کا رجحان فروغ دینے کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، راحیلہ حمید درانی

حکومت تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی جانب سے کوئٹہ کے 21 میل اور فی میل کالجز کی لائبریریوں کے لیے جدید اور معیاری کتابوں کی فراہمی کے سلسلے میں پروقار تقریب گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ میں پہلے مرحلے میں گرلز کالجز کے پرنسپلز میں کتابیں تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ موجودہ حکومت صوبے میں تعلیم (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یونیورسٹی آف گوادر میں داخلوں کی آخری تاریخ 15 ستمبر تک بڑھا دی

داخلہ فارم downloads / ug.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر نے فال 2026 کے داخلوں کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اسے 15 ستمبر 2026 تک بڑھا دیا گیا ہے۔ یونیورسٹی میں اے ڈی، بی ایس، بی ایڈ، ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگراموں میں داخلے جاری ہیں، جن میں 4 سالہ بی ایس کمپیوٹر سائنس، بی ایس کمپیوٹر سائنس (AI)، بی بی اے، اکنامکس (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

آل بلوچستان ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کا حکومتی اقدام کا بھرپور خیر مقدم

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کے صدر الطاف حسین گجر، حاجی شوکت جدون، ملک اسلم، حاجی یونس، حاجی باسط، حاجی ماجد، بلال جدون، حاجی عبدالباری جدون، عرفان گجر، عرفان خلجی، حاجی خادم حسین مینگل اور محمد احسن سمیت ایسوسی ایشن کے تمام ممبران نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

نامعلوم مسلح افراد کی صحافی منظور بلوچ کے گھر ڈکیتی، موٹر سائیکل سمیت قیمتی سامان لے گئے

نوشکی (آن لائن) نامعلوم مسلح افراد کی صحافی منظور بلوچ کے گھر ڈکیتی، موٹر سائیکل سمیت قیمتی سامان لے گئے نوشکی میں گزشتہ رات تقریباً 3 بجے نامعلوم مسلح افراد نے پریس کلب نوشکی کے ممبر صحافی منظور بلوچ کے گھر، واقع کلی محمد حسنی، میں داخل ہو کر اسلحہ کے زور پر انہیں یرغمال بنا لیا اور گھر سے قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔ صحافی منظور بلوچ کے مطابق مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر ان سے سی ڈی 70 یونیک موٹر سائیکل، ماڈل 2022، بیٹری 175 پاور اور بیٹری چارجر چھین لے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

کوئٹہ، شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

زرغون زون میں تجاوزات کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی گئی

قوانین کے تحت بلاامتیاز اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ایڈمنسٹریٹر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی خصوصی ہدایات اور کوئٹہ شہر کو صاف، منظم، خوبصورت اور شہریوں کے لئے آسان نقل و حرکت کی فراہمی کے وژن کے تحت میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد کی دکانوں کی الاٹمنٹ کا عمل بلاتاخیر شروع کیا جائے، میر حیدر خان جمالی

اوستہ محمد (آن لائن) سابق رکن بلوچستان اسمبلی میر حیدر خان جمالی نے کہا ہے کہ ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد کی دکانوں کی الاٹمنٹ کا عمل بلاتاخیر شروع کیا جائے کیونکہ دکانوں کی الاٹمنٹ سے نہ صرف مقامی افراد کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے بلکہ علاقے میں کاروباری سر (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں ٹرکوں کی گنجائش مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے، نور محمد شاہوانی

ٹرانسپورٹرز کو درپیش اس بنیادی مسئلے کو مزید نظرانداز کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی نور محمد شاہوانی، حاجی روزی خان مندوخیل، حاجی محمد گل کاکڑ، عطا اللہ خان کاکڑ، حاجی داود کرد، حاجی اسماعیل لہڑی، حاجی مراد خان کاکڑ، منی مزدا گڈز ٹرک اونرز کے چیئرمین بابو جان رئیسانی، ظہیر شاہ اور شعیب خان کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں ٹرکوں کی گنجائش مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں پارکنگ کی سہولیات نہ ہونے کے باعث ہمارے باؤزر، ٹریلر، ہیوی کنٹینرز اور دیگر مال بردار گاڑیاں سڑکوں پر کھڑی رہنے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ، ایس بی کے ایمپلائز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری کے موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر لالا سلطان، نیشنل پارٹی کی سیکرٹری تعلیم سعدیہ بادینی اور دیگر کا گروپ فوٹو

20 لاکھ روپے ہڑپ کرنے کا الزام، وڈیرہ گلزار خان مری کا تحقیقات کا مطالبہ

کوہستان مری (آن لائن) ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہستان مری میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وڈیرہ گلزار خان مری نے الزام عائد کیا ہے کہ سابق لیویز اہلکار اور موجودہ طور پر ڈپٹی کمشنر کوہستان مری کے دفتر میں کام کرنے والے محمد حنیف مری نے قاسم (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

چیف ایڈیٹر پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون، فیکس: 2824878: موبائل نمبر 03337867133: ای میل tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com